آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.pk

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 17 دسمبر 2020ء بمطابق یکم جمادی اول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 343

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:50
ظہر	1:20
عصر	4:15
مغرب غروب آفتاب	(5:45)
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:00

بھارت انتہا پسندی اور دہشتگردی کے گڑھے میں گر رہا ہے، صدر علوی

قوم کی بہادری کے باعث پاکستان ان گڑھوں سے نکل چکا ہے، بھارت میں ہندوتوا میں اضافے کے ساتھ ساتھ خطرناک اسلحہ کے حصول سے خطے کا امن داؤ پر لگ گیا ہے،

بھارت نے ایف اے ٹی ایف اور اقوام متحدہ سمیت ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کی مخالفت کی ہے اور پاکستان پر دہشت گردی کے بلا جواز الزامات لگائے، عارف علوی کا خطاب

دنیا میں شمولیاتی ادارے رکھنے والے ممالک نے ترقی کی جبکہ تقسیم پیدا کرنے والے ممالک ترقی کے عمل میں پیچھے رہ گئے، صنعتی انقلاب کے دور میں بھی صرف شمولیاتی اداروں والے ممالک نے ترقی کی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ بھارت انتہا پسندی اور دہشت گردی کے گڑھے میں گر رہا ہے، قوم کی بہادری کے باعث پاکستان ان گڑھوں سے نکل چکا ہے، بھارت میں ہندوتوا میں اضافے کے ساتھ ساتھ خطرناک اسلحہ کے حصول سے خطے کا امن داؤ پر لگ گیا ہے، بھارت نے ایف اے ٹی ایف اور اقوام متحدہ سمیت ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کی مخالفت کی ہے اور پاکستان پر دہشت گردی کے بلا جواز الزامات لگائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ آرمی پبلک سکول کے سانحہ پر پوری بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار: وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صحبت پور میں قبائلی عمائدین کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ترقی بلوچستان کی ضرورت ہے کسی پر احسان نہیں کر رہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

اپوزیشن کی چیخ و پکار سے کچھ نہیں ہوگا اب صوبے کے ہر ضلع میں مساوی اجتماعی بھلائی کے منصوبے مکمل ہوں گے، تختی لگا کر سیاست کرنے کے قائل نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں،

ہم نے بلوچستان کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کر دیا ہے، صوبے کے ہر ضلع میں ترقی کا عمل شروع ہو چکا ہے اور بلوچستان کے تمام اضلاع کی ترقی یکساں طور پر ہوگی، جام کمال خان کا اجتماع سے خطاب

بلوچستان کے اندر جاری اس ترقیاتی عمل کو ہم سب نے مل کر کامیاب بنانا ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان کے پسماندگی کا ذمہ دار سابقہ ادوار کی حکومتیں ہیں جنہوں نے علاقائی تعصب کی بنیاد پر پورے بلوچستان کو پسماندہ رکھا

صحبت پور (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ترقی بلوچستان کی ضرورت ہے کسی پر احسان نہیں کر رہے، ہم تختی لگا کر سیاست کرنے کے قائل نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں صوبے کے ہر ضلع میں ترقی کا عمل شروع ہو چکا ہے اور بلوچستان کے تمام اضلاع کی ترقی یکساں طور پر ہوگی، بلوچستان ستر سالوں سے علاقائی تعصب کے باعث پسماندگی کا شکار رہا ہے اپوزیشن کے چیخ و پکار سے کچھ نہیں ہوگا اب صوبے کے ہر ضلع میں مساوی اجتماعی بھلائی کے منصوبے مکمل ہو گئے، اگر ہم بھی ماضی کے حکمرانوں کی طرح ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہے تو ہماری آنے والی نسلیں ہم سے ضرور سوال کریں گی کہ ہمارے لئے آپ کیا چھوڑ کر چلے گئے عام آدمی کی زندگی بہتر بنانے کیلئے دیرپا اور سنجیدہ اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ ترقی کے اس عمل سے عام آدمی مستفید ہو سکے بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

بلوچستان نے طرز حکمرانی کا فعال نظام تشکیل دینے میں کامیابی حاصل کر لی ہے، ضیا لانگو

مربوط کوششوں کی بدولت قانون کی حکمرانی اصلاحات پر پیشرفت خاطر خواہ رہی، وقت کا تقاضا ہے انکو آگے بڑھانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان اور تمام متعلقہ فریقوں کے پختہ عزم اور لگن کی بدولت ان اصلاحات کو باہمی اور پائیدار شکل ملی ہے، صوبے نے طرز حکمرانی کا ایک مضبوط اور فعال نظام تشکیل دینے میں کامیابی حاصل کر لی ہے، قانون کی بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث دھماکے ایک شخص زخمی۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے ملانا بروری روڈ واقع دن بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

خونی شاہراہ دو مزید زندگیوں کو نگل گیا سوراب میں میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق

سوراب (این این آئی) خونی شاہراہ دو مزید زندگیوں کو نگل گیا، سوراب میں میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق، ایک زخمی، بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سانحہ آرمی پبلک اسکول نے قوم کو دہشت گردی کے خلاف متحد کر دیا ہے، جام کمال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سانحہ آرمی پبلک اسکول پشاور کے چھ سال مکمل ہونے پر اپنے ایک پیغام میں کہا بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

صوبے کے کئی ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان اور ڈاکٹروں کی عدم موجودگی کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی نے کہا کہ بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کورونا وائرس، ایک روز میں ریکارڈ 105 مریض چل بسے، مزید 2731 افراد میں وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں کورونا وائرس سے ایک روز میں ریکارڈ 105 مریض چل بسے، مزید 2731 افراد میں وائرس بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

انتہا پسندوں دہشت گردوں نے ننھوں میں پھول جیسے بچوں کو بے دریغ کر کے قوم کے مستقبل کو تاریک بنانے کی ناقابل معافی جرم کیا

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ سانحہ اے پی ایس پشاور کے لواحقین بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے وسائل کو روز اول سے ہی اس طرح کے اقدامات کر کے لوٹا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالغفور مری نے حکومت کی جانب سے گوادر میں باڑ لگانے بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ملا عبدالغنی برادر کی سربراہی میں طالبان پولیٹیکل کمیشن کا 9 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا، تین روز قیام کریگا

اسلام آباد (این این آئی) قطر میں طالبان کے سیاسی دفتر کے سربراہ ملا عبدالغنی برادر کی سربراہی میں طالبان پولیٹیکل کمیشن کا بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بھارت پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے درپے ہے، سینیٹر شبلی فراز

بھارت میں انتہا پسند حکومت کے عزائم سے خطے کے امن کو خطرات لاحق ہیں، وزیر اطلاعات کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے درپے ہے، دنیا کو ہماری کہانی بتانا لازمی ہے، ہمارا قصہ سچ پر مبنی ہے، بدقسمتی سے بھارت حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرتا ہے، بھارت میں انتہا پسند حکومت بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے مقامی لوگوں کے زمینوں کو غیر قانونی طریقے سے ڈی ایچ اے کو الاٹ کرنا خلاف قانون ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین منیر احمد خان کاکڑ، راحب خان بلیدی ایڈوکیٹ نے ایک بیان میں بلوچستان ہائیکورٹ کے لارجر بینچ نے ڈی ایچ اے کے بعض شق کو آئین سے متصادم قرار دیکر اسے کالعدم قرار دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی ملا عبدالغنی برادر کی قیادت میں آئے افغان طالبان کے وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

تمام اہم کابینہ کمیٹیوں کی تشکیل نو کی منظوری

وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ 7 رکنی نئی کمیٹی برائے نجکاری کے چیئرمین مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے تمام اہم کابینہ کمیٹیوں کی تشکیل نو کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے یہ منظوری عدالتی فیصلے پر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کی تشکیل نو کرتے ہوئے وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کو 7 رکنی نئی کمیٹی کا چیئرمین بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پاکستان کا عالمی بینک کیساتھ 304 ملین ڈالرز پنجاب میں ریسورس اور ڈیجیٹل کی ترقی و بہتری کیلئے معاہدہ طے پا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا عالمی بینک کیساتھ 304 ملین ڈالرز پنجاب میں ریسورس اور ڈیجیٹل کی ترقی و بہتری کیلئے معاہدہ طے پا گیا۔ بدھ کو معاہدے پر دستخط کی تقریب وزارت اقتصادی امور میں منعقد ہوئی تقریب میں وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور خسرو بختیار نے شرکت کی، پروگرام بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

پشاور: وزیر اعظم عمران خان اے پی ایس شہداء کیلئے دعا کر رہے ہیں

16 دسمبر ایک سیاہ دن، اس اندوہناک اور دلخراش سانحہ کا غم آج بھی تازہ ہے، اراکین اسمبلی و سینیٹرز

آرمی پبلک سکول کے معصوم پھولوں کی عظیم اور لازوال قربانی نے پوری قوم کو یکجا اور متحد کیا

آرمی پبلک سکول کے معصوم بچوں نے اپنے لہو سے وہ دیپ روشن کیے، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی و سینیٹرز نے کہا ہے کہ 16 دسمبر سانحہ آرمی پبلک سکول ایک سیاہ دن، اس اندوہناک اور دلخراش سانحہ کا غم آج بھی تازہ ہے، معصوم بچوں نے اپنے لہو سے محفوظ اور پر امن پاکستان کی تاریخ لکھی آج پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ہم جانتے ہیں کہ کرونا وائرس سے لڑنا ہم سب کے لئے بہت مشکل ہے، عبدالخالق ہزارہ

ٹیسٹنگ کی موجودہ صلاحیت کو پوری طرح استعمال کئے جانے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ ہم جانتے ہیں کہ اس وباء سے لڑنا ہم سب کے لئے بہت مشکل ہے، لیکن اب تک کی ہماری کوششوں اور احتیاطی تدابیر کی وجہ سے انفیکشن کی شرح بہت کم ہے، جو سب کی کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہمیں اس بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سیاحت کے فروغ سے خاطر خواہ محصولات حاصل ہوں گے، وزیر اعظم

وزیر اعظم عمران خان سے خیبر پختونخوا کابینہ کے اراکین کی ملاقات، وزیر اعظم نے وزیر اعلیٰ محمود خان اور کابینہ کو صوبے کی سو فیصد آبادی تک صحت انصاف کارڈ کی توسیع پر مبارکباد دی

سیاحت کے فروغ سے لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے، کہ اس ملک کا اشرافیہ اپنے علاج معالجے کیلئے ملک سے باہر چلا جاتا ہے اور غریب کیلئے کوئی معیاری سہولیات میسر نہیں، عمران خان

پشاور (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان سے خیبر پختونخوا کابینہ کے اراکین نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گورنر شاہ فرمان اور وزیر اعلیٰ محمود خان بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم نے وزیر اعلیٰ محمود خان اور کابینہ کو صوبے کی سو فیصد آبادی تک صحت انصاف کارڈ کی توسیع پر مبارکباد دی۔ اپنے گفتگو میں وزیر اعظم عمران خان صوبائی حکومت کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اصلاحاتی ایجنڈے پر عملدرآمد کے سلسلے میں وزیر اعلیٰ اور اُن کی پوری ٹیم کی کوششوں پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

حکومت میرٹ اور شفافیت کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، بشریٰ رند

صوبہ کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے عین کے مطابق عوام دوست پالیسیاں مرتب کی جا رہی ہیں، پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے کہا کہ موجودہ حکومت میرٹ اور شفافیت کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ صوبہ کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ علاقے عوام کو درپیش مسائل کے حل، روزگار کی فراہمی، تعلیم اور صحت کی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے کسی کو بھی مایوس نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے عین کے مطابق عوام دوست پالیسیاں مرتب کی جا رہی ہیں۔ جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں اور عوام ان ثمرات سے بہرہ مند ہو رہے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو قدرتی وسائل اور قیمتی معدنیات سے مالا مال کر رکھا ہے۔ ان وسائل کو اپنے عوام پر خرچ کرنے کیلئے ٹھوس بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اپوزیشن استعفوں کا ڈرامہ کر رہی ہے کبھی استعفے نہیں دیں گے، قاسم سوری

لاہور کا جلسہ ناکام ترین جلسہ تھا انہوں نے خالی کرسیوں سے خطاب کیا، اپوزیشن جماعتیں لوگوں کو نکالنے کے لیے گلی گلی محلے محلے گئے مگر لوگ بے وقوف نہیں

بلوچستان پر کبھی اتنی توجہ نہیں دی گئی جتنی تحریک انصاف کی حکومت نے دی۔ عمران خان نے جنوبی بلوچستان کے نو اضلاع کے لیے 600 ارب روپے کا پیکیج دیا

کوئٹہ (این این آئی) قومی اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر محمد قاسم سوری کا کہنا ہے کہ اپوزیشن عوام کو دھوکا دینے کے لیے استعفوں کا ڈرامہ کر رہی ہے یہ کبھی استعفے نہیں دیں گے اس لیے تاریخ پہ تاریخ دے رہے ہیں کوئٹہ میں عرب خبر رساں ادارے کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں تحریک انصاف کے رہنما محمد قاسم سوری نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل جماعتوں میں آپس میں کوئی ربط نہیں۔ یہ جماعتیں صرف کرپشن اور چوری کا پیسہ بچانے کے لیے اکٹھی ہوئی ہیں۔ سب اکٹھے ہونے کے باوجود ان کا انجام لاہور میں عوام نے دیکھ لیا۔ قاسم سوری کے مطابق لاہور کا جلسہ ناکام ترین جلسہ تھا انہوں نے خالی کرسیوں سے خطاب کیا۔ اپوزیشن جماعتیں لوگوں کو نکالنے کے لیے گلی گلی محلے محلے گئے مگر لوگ بے وقوف نہیں۔ پاکستانی عوام نے انہیں مسترد کیا۔ اس سے پہلے مولانا فضل الرحمان بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

سابق چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی انور سادات کی بریت کی درخواست مسترد

چیئرمین بی ڈی اے نے دیگر ملزمان کی ملی بھگت سے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا

کوئٹہ (این این آئی) احتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور شاہوانی نے سابق چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے جج کرائی گئی بریت کی درخواست ملزم کے خلاف ٹھوس شواہد کی روشنی میں مسترد کر دی ہے۔ نیب بلوچستان کی جانب سے پراسیکیوٹر ضمیر جھگڑی نے کیس کی پیروی کی۔ واضح رہے کہ نیب بلوچستان نے ژوب میر علی خیل روڈ تعمیراتی منصوبے میں کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کیس میں سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ علی ظہیر ہزارہ، سابقہ چیئرمین بی ڈی اے سادات انور اور دیگر بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائیکورٹ کے لارجر بینچ کا فیصلہ ایک آزاد عدلیہ کا فیصلہ اور جھلک ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین منیر احمد خان کاکڑ، راحب خان بلیدی ایڈوکیٹ نے ایک بیان میں بلوچستان ہائیکورٹ کے لارجر بینچ نے ڈی ایچ اے کے بعض شق کو آئین سے متصادم قرار دیکر اسے کالعدم قرار دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان ہائیکورٹ کے لارجر بینچ کا فیصلہ ایک آزاد عدلیہ کا فیصلہ اور بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ای سی سی نے الیکٹرک وہیکل پالیسی کی منظوری دے دی، فواد چوہدری

پاکستان میں بہت جلد گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی ہوگی، الیکٹرک وہیکل پالیسی سے گاڑیوں کی اجارہ داری ختم ہوگی

لاہور اور کراچی جیسے شہروں کے ماحول کیلئے یہ الیکٹرک وہیکل پالیسی اہم ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ای سی سی نے الیکٹرک وہیکل پالیسی کی منظوری دے دی، پاکستان میں بہت جلد گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی ہوگی۔ ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان میں گاڑیوں کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک وہیکل پالیسی سے گاڑیوں کی اجارہ داری بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیر خارجہ کا نیدرلینڈ کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

عالمی برادری اور یورپی یونین کو بھارت کے غیر قانونی اقدامات کا فوری نوٹس لینا چاہیے، وزیر خارجہ

پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ گہرے دوطرفہ تعلقات کا مظہر ہیں، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ گہرے دو طرفہ تعلقات کا مظہر ہیں۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ سٹیف بلاک کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں دونوں وزرائے خارجہ کے مابین دوطرفہ تعلقات، کرونا وبائی صورتحال، معاشی و تجارتی شعبہ میں دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان نے محدود بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بچوں نے اپنے قیمتی لہو سے محفوظ اور پر امن پاکستان کی تاریخ لکھی

محفوظ اور پر امن پاکستان کی بنیادوں میں بچوں کا خون شامل ہے

مچھ گشی (این این آئی) مچھ گشی کی ممتاز قبائلی و سیاسی شخصیت نوابزادہ میر علی رضا خان گشی نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا قوم آرمی پبلک اسکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بچوں نے اپنے قیمتی لہو سے محفوظ اور بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو (یو این او ڈی سی) کی کنٹری ہیڈ جرمی ڈاہوٹا کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

DHA ایکٹ 2015ء کی بعض شقیں آئین سے متصادم قرار

ڈی ایچ اے کو اراضی کے حصول کی اجازت غیر آئینی اقدام ہے صرف وفاق اور صوبائی حکومتیں عوامی مفاد میں زمین حاصل کر سکتی ہیں

2015 میں اس وقت کی حکومتوں کو یہ اختیار نہیں تھا کہ وہ نجی یا غیر سرکاری ادارے کو زمین کے حصول کا اختیار دے سکیں، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے پانچ رکنی بینچ نے ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (ڈی ایچ اے) ایکٹ 2015ء کی بعض شقوں کو آئین سے متصادم قرار دیتے ہوئے کالعدم قرار دیکر حکم دیا ہے کہ ڈی ایچ اے کو اراضی کے حصول کی اجازت غیر آئینی اقدام ہے صرف وفاق اور صوبائی حکومتیں عوامی مفاد میں زمین حاصل کر سکتی ہیں، صوبائی حکومت اور قانون سازوں نے آئینی طور پر سرکاری ادارے کی بجائے غیر سرکاری ادارے کو فوقیت دی، قانون سازوں کو قانون سازی اور ترامیم کا اختیار حاصل ہے لیکن اسے آئینی شق سے متصادم نہیں ہونا چاہئے۔ یہ فیصلہ بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں پانچ رکنی بینچ نے ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی ایکٹ کیخلاف درخواست گزار کاشف کاکڑ ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر آئینی درخواست بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ایران دہشت گردی کا، جوہری ہتھیاروں حاصل نہیں کرنے دیں گے، امریکہ

ہمیں ایک ایسے شدت پسند نظام کا سامنا ہے جو بین الاقوامی قانون کی پیروی نہیں کرتا، خصوصی ایلچی ایلیٹ ابرامز

تہران (این این آئی) ایران کے لیے امریکہ کے خصوصی ایلچی ایلیٹ ابرامز نے کہا ہے کہ امریکہ نہیں چاہتا کہ دنیا میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ایران جوہری ہتھیار حاصل کرے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بیان میں ابرامز کا کہنا تھا کہ ہمیں ایک ایسے شدت پسند نظام کا سامنا ہے جو بین الاقوامی قانون کی پیروی نہیں کرتا۔ امریکی ایلچی یہ اعلان کر چکے ہیں کہ ان کی اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے دیگر ذمے داران کی ایران اور اس کے جوہری معاہدے کے حوالے سے جو بائیڈن کی ٹیم بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے کوسٹل ہائی وے کے 653 کلومیٹر لمبے حصے پر لیویز اور پولیس تعینات کیا جائے

فوری طور پر پری فیب کے کمرے اور واش رومز سیکیورٹی فورسز اور مسافروں کی سہولت کیلئے روانہ کیے جائیں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت مختلف شاہراہوں خاص کر کوسٹل ہائی وے کو سیکیورٹی کی فراہمی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں کوسٹل ہائی وے پر چیک پوسٹوں کا قیام، پولیس اور لیویز کا گشت سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، سپیشل سیکرٹری خزانہ لعل جان جعفر، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایہ، ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون سمیت متعلقہ کمشنرز اور ڈی آئی جیز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شاہراہوں پر عوام کی جان و مال کا تحفظ صوبائی حکومت اولین ذمہ داری ہے جس کیلئے حکومت نے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے کوسٹل بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ہمارے نظام میں موجود کمزوریوں پر جمہوریت کے ذریعے قابو پایا جا سکتا ہے، شفقت محمود

ہمیں دہشت گردی کیساتھ ساتھ بیانیے کی جنگ بھی جیتنی ہے، وزیر تعلیم کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ ہمارے نظام میں موجود کمزوریوں پر جمہوریت کے ذریعے قابو پایا جا سکتا ہے۔ سولہ دسمبر کا دن ہمیں جھنجھوڑتا ہے اپنی کمزوریوں اور دراڑوں کی طرف نظر ڈالنی ہے تاکہ دشمن کو موقع نہ ملے ہمیں دہشت گردی کیساتھ ساتھ بیانیے کی جنگ بھی جیتنی ہے۔ اسلامک یونیورسٹی میں پیغام پاکستان کے حوالے سے سیمینار سے خطاب بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سعودی عرب اور یونان سے ڈی پورٹ پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب اور یونان سے ڈی پورٹ کیے گئے پاکستانی شہریوں کو مختلف پروازوں کے ذریعے وطن پہنچا دیا گیا۔ یونان سے بے دخل کیے گئے 30 پاکستانیوں کو لے کر پرواز اسلام آباد پہنچی جن کی امیگریشن مجرمانہ حرکتوں میں ملوث سعودی عرب سے ڈی پورٹ 139 افراد ملتان بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

16 دسمبر کا دن آرمی پبلک سکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا، نور محمد خان دمڑ

قوم آرمی پبلک سکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، صوبائی وزیر حاجی

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک سکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا، قوم آرمی پبلک سکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی بچوں نے اپنے قیمتی لہو سے محفوظ اور پر امن پاکستان کی تاریخ لکھی۔ محفوظ اور پر امن پاکستان کی بنیادوں میں بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حکومت کی بوکھلاہٹ کا اندازہ غیر قانونی اقدامات سے لگ رہا ہے، غفور حیدری

حکومت ایک شو پیس ہے جلسہ کے اعداد و شمار کے حوالے حکومت نابینا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے سینیٹ الیکشن مارچ سے قبل کرانے کے حکومتی فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینیٹ آئینی ادارہ ہے اور اس کے انتخابات مقررہ وقت سے قبل نہیں ہو سکتے، حکومت کی بوکھلاہٹ کا اندازہ غیر قانونی اقدامات سے لگ رہا ہے، حکومت ایک شو پیس ہے جلسہ کے اعداد و شمار کے حوالے حکومت نابینا ہے حکومت کے اندھے پن کو ہم نظر انداز کرتے ہیں۔ شو پیس سے بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ قومی مفاد کے لئے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پاک فوج کے جوانوں نے ہمیشہ وطن عزیز کی خاطر اپنی جانے قربان کی ہے، فضل الرحمن

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے نکیال سیکٹر پر بھارتی فوج کی فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے جوانوں نے ہمیشہ وطن عزیز کی خاطر اپنی جانے قربان کی ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے نکیال بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پنجگور پروم میں فائرنگ کے واقعہ میں 5 افراد جاں بحق

فائرنگ کا یہ واقعہ پنجگور کے علاقے پروم چاہ نیس ڈیم کے قریب پیش آیا ہے لیویز فورس اس واقعہ کی تفتیش کر رہی ہے، ڈپٹی کمشنر پنجگور

لاشوں اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنجگور منتقل کرنے کے بعد ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے تحصیل پروم میں فائرنگ کے واقعہ میں پانچ افراد جاں بحق چار زخمی۔ لیویز ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ پنجگور کے علاقے پروم چاہ نیس ڈیم کے قریب پیش آیا ہے اس واقعہ میں پانچ افراد عبداللہ ولد محمد عیسیٰ سکنہ خضدار، نور بخش ولد عبدالکریم سکنہ خضدار، داد ولد عزیز محمد سکنہ خاران، خیر بخش ولد اللہ بخش خاران، سفر خان ولد راہو سکنہ خاران جاں بحق جبکہ چار زخمیوں میں طاؤس خان سکنہ خاران، یاسین ولد نبی بخش سکنہ گدر، سراج ولد عبدالکریم سکنہ خضدار شامل ہیں لاشیں اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنجگور منتقل کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر پنجگور کا کہنا ہے کہ لیویز فورس اس بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اطلاعات سینیٹر شبلی فراز تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہر 16 دسمبر کو سانحہ اے پی ایس کی برسی پر دکھ اور زخم پوری قوم کے دل میں ہرے ہو جاتے ہیں، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ہر 16 دسمبر کو سانحہ اے پی ایس کی برسی پر دکھ اور زخم پوری قوم کے دل میں ہرے ہو جاتے ہیں دہشت گردی کے خلاف حاصل کامیابیوں کو کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہر 16 دسمبر کو سانحہ اے پی ایس کی برسی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی میر چاکر خان یونیورسٹی کے دوسرے سینیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

www.dailyshal.com

روزنامہ
Daily SHAL
شال کوئٹہ

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

17 دسمبر 2020ء

نواز شریف کی وطن واپسی

اطلاعات کے مطابق پاکستان نے 40 غیر قانونی تارکین وطن کو برطانیہ سے پاکستان لانے والے طیارے کو آخری وقت میں روانگی سے روک دیا ہے۔ برطانوی اخبار دی سن نے اس واقع کی خبر دیتے ہوئے بتایا ہے کہ حکومت پاکستان نے اس واقع کے بعد برطانوی حکومت کو باقاعدہ راستہ رکھ کر آگاہ کیا ہے کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف کے بغیر ان تارکین وطن کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ مذکورہ اخبار کا کہنا ہے کہ نواز شریف ایک سال سے برطانیہ میں غیر قانونی طور پر رہ رہے ہیں۔ اور انھیں چھوڑ کر بقیہ کمزور تارکین وطن کی واپسی کو پاکستان قبول کرنے کو تیار نہیں۔ خود ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے برطانوی حکومت پر زور دیا ہے کہ نواز شریف سزا یافتہ اور مفرور ہیں انھیں فوری طور پر پاکستان کے حوالے کردینا چاہیے ورنہ عالمی سطح پر برطانیہ کی بہت بدنامی ہوگی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ نواز شریف کرپشن کیس میں سزا یافتہ ہیں سپریم کورٹ انھیں نااہل قرار دے چکی ہے۔ اور عدالتیں انھیں مفرور اور اشتہاری قرار دے چکی ہیں۔ برطانوی حکومت کے پاس انھیں برطانیہ میں قیام کی اجازت دینے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ امریکہ، برطانیہ اور دیگر سامراجی تمام قوانین پر اپنے مفادات کو مقدم جانتے ہیں۔ مالی طور پر عدم استحکام کا شکار پاکستانی جو روزگار کی تلاش میں برطانیہ پہنچ جاتے ہیں ان کے خلاف تو قانون حرکت میں آجاتا ہے لیکن تیسری دنیا کے مختلف ممالک میں قومی دولت لوٹنے والے جو اپنا سرمایہ لیکر ان مغربی ملکوں میں جا کر پناہ ترین ہوجاتے ہیں انھیں برطانوی حکومت کچھ نہیں کہتی۔ یہ مغرب کے معاشرے اور طرز حکمرانی کا اختلافی دیوانیہ پن نہیں تو اور کیا ہے۔ پاکستان میں تین بار وزیر اعظم اپنے والے نواز شریف کو بھی کچھ سوچنا چاہئے اور اگر وہ خود کو بے گناہ سمجھتے ہیں تو وطن واپس آکر اپنے خلاف مقدمات کا جرات کے ساتھ سامنا کرنا چاہیے۔ نو اشریف اسحق ڈار اور ان کے خاندان کے دیگر ارکان جو پاکستان میں عدالتوں کو مطلوب ہیں انھیں ہر صورت وطن واپس آکر آئین اور قانون کی پاسداری کرنی چاہیے۔

عاشق صادق

لوگ اسے دیوانہ کہتے تھے انتہائی غریب، مفلوق الحال پرائے تو پرائے اپنے بھی نظر انداز کرتے تو وہ کسی سے گلہ کرتا نہ شکوہ۔ وہ گھروں کی تعمیر کے لئے مزدوری کرتا تھا لیکن لوگوں نے اس سے کام

کروانا چھوڑ دیا کہ وہ دیواریں ٹیڑھی بنا دیتا ہے بھوک اور بیروزگاری سے تنگ آکر اس نے پتھروں کو تراش کر ٹیڑھی میڑھی مورتیاں بنانا شروع کردی جو بچے شوق سے لے جاتے جس سے کچھ رقم ملنے لگی تو اس نے مستقل اسی کو روزگار کا وسیلہ بنالیا اس کے لئے کسی کی ناراضگی، تنگی، خوشی ایک جیسا ماحول تھا وہ مگر تھا سچا عاشق ایسا عاشق جس کی تنہائیاں درود و سلام سے مہکتی رہتی تھیں پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر آتا تو اس کی آنکھیں ساون بھادوں بن جاتیں لوگ حج عمرہ جانے کی باتیں کرتے تو وہ دل مسوس کر کے رہ جاتا کہ میں تو ہندوستان کی ریاست کٹیانہ جونا گڑھ کا معمولی غریب سنگ تراش ہوں مزدوروں جیسا میرا حلیہ ہے وہ سوچتا نہ جانے کب اتنی رقم جمع ہوگی کہ میں بھی اپنی آنکھوں سے خانہ کعبہ دیکھوں گا گنبد خضریٰ کی زیارت کروں وہ دل ہی دل میں روتا سوچتا رہتا اتنی بڑی خواہش لوگ مجھے دیوانہ کہتے ہیں تو پھر ٹھیک ہی کہتے ہیں یہاں تو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں اور ہزاروں لاکھوں خرچ کر کے بھی سب خواہش کے باوجود دیار حبیب ﷺ نہیں جاسکتے وہ کیونکر جاسکے گا وہ روزانہ باادب ہو کر اپنے نبی ﷺ پر درود و سلام پیش کرتے ہوئے حاضری کی درخواست کرتا درود شریف سے اسے کام کے دوران بھی محبت تھی وہ اکثر درود شریف پڑھتا رہتا تھا درود شریف کی مشہور کتاب دلائل الخیرات اسے زبانی یاد تھی۔ کہتے ہیں کہ جذبے صادق ہوں تو منزل خود بخود آسان ہوجاتی ہے لیکن یہ ہر کسی کا نصیب نہیں ہوتا مگر جس پر نظر کرم ہوجائے اس کے کیا کہنے نہ جانے کسی کی ادا آقا ﷺ کو بھا جائے تو بیڑا پار ہوجاتا ہے یقیناً یہ بڑے کرم کے فیصلے ہوتے ہیں کہ بڑے بڑے نگاہ التفات کے منتظر رہ جاتے ہیں ایسے لوگوں کی قسمت پر مقدر رشک کرتا ہے۔ آخر کار اس کی بے تابیاں رنگ لے آئیں وہ ہوا جس کا اس نے خواب میں بھی نہیں سوچا تھا اس کا ایک معمول تھا جب بھی کوئی پتھر تراشتا تو دلائل الخیرات کا ایک باب پڑھتا ایک دفعہ حج کی آمد آمد تھی لوگ مکہ مکرمہ جانے کی تیاریوں میں مصروف تھے ان دنوں زیادہ تر لوگ بحری جہاز کے ذریعے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے لئے جایا کرتے تھے ہوائی جہاز کا سفر بہت مہنگا تھا اور زیادہ مروج بھی نہ تھا سنگ تراش سوچ سوچ کر رونے لگا کہ اس سال بھی میں نہ جاسکوں گا کوئی زاد راہ ہے نہ اسباب اب کیا بنے گا؟ وہ آبدیدہ ہوتے ہوتے سو گیا تو اس کی قسمت کا ستارہ چمک اٹھا۔ اس رات جب سویا تو دل کی آنکھیں جاگ اٹھیں وہ کیا دیکھتا ہے کہ مدینہ منورہ میں وہ حاضر ہے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی جلوہ فرما ہیں وہ مؤدب ہو کر بیٹھ گیا اس نے دیکھا سبز گنبد کے انوار سے فضا منور ہو رہی ہے اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مینار بھی نور برسا رہے ہیں، مگر حیرت کی بات یہ تھی کہ ایک مینار کا کنگرہ شکستہ تھا۔ اتنے میں حضور نبی کریم صلی علیہ وآلہ وسلم کے لب مبارک کو جنبش ہوئی اور الفاظ یوں ترتیب پائے ہمارے دیوانے وہ دیکھو، ہماری مسجد کے مینار کا ایک کنگرہ ٹوٹ گیا ہے، تم ہمارے شہر آؤ اور اس کنگرے کو از سرنو بنادو۔ جب اس سنگ تراش کی آنکھ کھلی تو اسے یقین ہی نہ آیا لیکن اس کے کانوں میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادا کئے ہوئے کلمات گونج رہے تھے اس کا دل خوشی سے سرشار ہو گیا اس کا مطلب ہے مدینے کا بلاوہ آچکا تھا مگر سنگ تراش کی آنکھوں میں یہ سوچ کر آنسو آگئے کہ میں تو بہت غریب ہوں، میرے پاس مدینہ منورہ جانے کے وسائل کہاں؟ ڈر کے مارے اس نے کسی سے تذکرہ بھی نہ کیا کہ لوگ مذاق اڑائیں گے لیکن عشق نے ہمت دلائی، آرزو نے دلاسہ دیا لیکن مضطرب دل تھا خواب نے آتش شوق کو اور بڑھکا دیا دل و دماغ میں ایک کش مکش جاری تھی دھڑکنیں کہہ رہی تھیں کہ تمہیں تو خود حضور نبی کریم صلی علیہ وآلہ وسلم نے بلایا ہے، تم وسائل کی فکر کیوں کرتے ہو بس تیاری کرو سنگ تراش دیوانے نے رخت سفر باندھا اوزار کا تھیلا کندھے پر لٹکایا اور حسرت و امید کے امتزاج کے ساتھ پور بندر کی بندرگاہ کی طرف چل پڑا۔ پور بندر کی بندرگاہ پر آخری سفینہ مدینہ تیار کھڑا تھا مسافر پورے ہو چکے تھے معمول کی چیکنگ بھی ہوگئی ہر چیز فٹ فاٹ تھی مگر عجیب تماشا یہ تھا کہ کپتان کی کوشش کے باوجود سفینہ چلنے کا نام نہ لے رہا تھا۔ اتنے میں جہاز میں سے کسی کی نظر دور سے ایک شخص پر پڑی جو جذب و مستی میں جھومتے ہوئے آرہا تھا لوگ سمجھے کہ شاید ایک مسافر رہ گیا تھا جہاز گہرے پانی میں کھڑا تھا سنگ تراش کو لینے کے لئے انہوں نے ایک کشتی پانی میں اتاری حیران پریشان سنگ تراش اس کشتی میں سوار ہو گیا حیرے کی بات یہ ہے کہ اس کے سوار ہوتے ہی جہاز جھومتا ہوا مدینے چل پڑا ایسے جہاز کو اسی کا انتظار تھا اس سے کسی نے ٹکٹ مانگا نہ اس کے پاس تھا بالآخر وہ مدینہ منورہ پہنچ گیا اب دیوانہ وار جھومتا ہوا روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چلا جا رہا تھا کچھ خدام حرم کی نظر اس پر پڑی تو ٹھٹک کر رہ گئے بے ساختہ پکار اٹھے ارے یہ تو وہی ہے جس کا حلیہ ہمیں دکھایا گیا ہے۔ اس نے اشکبار آنکھوں سے روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی سنہری جالیوں کے روبرو درود و سلام پیش کیا پھر باہر آکر گنبد خضریٰ کے میناروں کو بغور دیکھنے لگا اسے اس مینار کی تلاش تھی جو اسے خواب میں نظر آیا تھا وہ مینار دیکھا تو واقعی ایک کنگرہ شکستہ تھا۔ خدام نے کہا اسے مرمت کرو گے؟ اس نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ اثبات میں سر ہلا دیا پھر جذب و مستی اپنی کمر میں رسی بندھوائی اور خدام کی مدد سے گھٹنوں کے بل اوپر چڑھ گیا وہ سوچنے لگا اگر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم نہ ہوتا تو میں بھی ان مقدس گنبد و مینار پر جانے کی جرأت تو کجا ایسا کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا اس نے حسب الارشاد کنگرہ از سرنو بنادیا اور یہ عاشق صادق کی خوش بختی جب سنگ تراش کی بے تاب روح نے سبز گنبد کا قرب پایا تو بے قراری اور اضطرابی حد درجہ بڑھ گئی وہ فریفتہ ہو کر گنبد خضریٰ سے لپٹ گیا وہ کام مکمل کر چکا تھا اور اب اسے نیچے آنا تھا لیکن اس کی روح مضطر نے لوٹنے سے انکار کردیا پیچھے سے خدام نے بیسوں آوازیں دیں لیکن کوئی حرکت جنبش نہ پاکر وہ خود اوپر چڑھ گئے نہ جانے کب اس کی روح تن سے جدا ہوگئی تھی شاید وہ تو گھنٹوں پہلے سبز گنبد کی رعنائیوں پر نثار ہو چکا تھا۔ لوگوں نے جان لیا کہ عاشق صادق ایسے بھی ہوتے ہیں۔

یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے
یہ بڑے نصیب کی بات ہے

پاکستان میں اعلیٰ تعلیمی نظام اور ایک مشورہ

میر اسلم رند

پاکستان میں بتدریج تعلیمی معیار تشویشناک صورت حال اختیار کرتا جارہا ہے جس کے بیشمار پہلو ہیں اور بہت سارے وجوہات بھی؟ ایک مضمون میں تمام باتوں کا احاطہ کرنا ممکن نہیں لیکن انہی لاتعداد مسائل میں سے ایک ہمارا اعلیٰ تعلیمی نظام ہے جو کہ ایک سنگین صورتحال سے دوچار ہے؟؟ اور اس طرف ہماری قطعاً کوئی توجہ نہیں پہلے ایک ادارہ ہوا کرتا تھا یونیورسٹی گرانٹ کمیشن (UGC) جس کو 2002 میں جنرل پرویز مشرف صاحب کے دور میں ختم کیا گیا اس کی جگہ ڈاکٹر عطاالرحمن کی سرپرستی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) قائم کیا گیا 2002 تک پاکستان میں یونیورسٹیز کی تعداد 74 جو کہ اب بڑھ کر 174 ہوگئی ہیں پہلے طلباء کی تعداد پونے تین لاکھ کے قریب تھی جو کہ ہائر ایجوکیشن کی ویب سائٹ دی گئی اطلاع کے مطابق 2015 تک یہ تعداد بڑھ کر 13 لاکھ تک پہنچ گئی ہے 1947 سے لیکر 2002 تک یعنی 55 سال میں (PHD) کی ڈگری حاصل کرنے والے افراد کی تعداد 3281 ہے یعنی اوسطاً سالانہ 60 افراد پاکستان میں PHD کر رہے تھے جبکہ HEC کے مطابق صرف 2010 سے 2014 تک PHD کرنے والے افراد کی تعداد 5536 ہے اس طرح اس کی سالانہ اوسط تعداد 1107 افراد ہے اگر اتنے افراد PHD کر رہے ہیں تو یقیناً تحقیقی مقالے بھی ضرور لکھتے ہونگے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے اتنی بڑی تعداد میں PHD کرنے والے افراد کے باوجود یونیورسٹیز کی world ranking دیکھیں تو پہلی 500 یونیورسٹیز میں پاکستان کی شاید ایک یونیورسٹی کا نام بھی نہیں آتا ؟؟؟؟ اس کی ایک وجہ یہ ہے (academic plagiarism) تحقیقی مقالوں کا سرقہ جس کا سادہ الفاظ میں مطلب بنتا ہے دوسروں کی تحقیقی مواد کو چوری کر کے اپنے نام سے شائع کرنا ہمارے یہاں PHD زیادہ تر یونیورسٹی اساتذہ ہی کرتے ہیں لہٰذا پاکستان کے اکثر اساتذہ اور PHD طلباء، plagiarism یعنی سرقہ کرتے ہیں اس سے شرمناک بات یہ ہے کہ اب اسے برا بھی نہیں سمجھا جاتا ؟ اس سرقے کی ایک وجہ جب HEC قائم کی گئی تو طلباء اور اساتذہ کو PHD اور تحقیقی مقالوں کی طرف ترغیب دینے کے لئے پرکشش مراعات دی گئی یعنی PHD کرنے پر تنخواہ میں اضافہ کرنے کا کہا گیا اور ہر تحقیقی مقالہ لکھنے پر اچھا خاصا معاوضہ بھی دیا گیا HEC نے plagiarism کو پکڑنے کے لئے ایک software بھی بنایا مگر کیا کیا جائے پورا نظام ہی بگڑ چکا ہے اور اس software کے ہوتے ہوئے plagiarism جاری ہے اگر ہم چاہتے ہیں تحقیقی معنوں میں علمی تحقیق کا کام ہو تو ہمیں مقدار کی بجائے معیار پر توجہ دینی چاہئے سالانہ 1100 کی بجائے چاہے PHD60 ہی کیوں نہ ہوں ؟؟ مگر ایسے ہوں جس پر ہم فخر سے انہیں تحریر یا ہم 17 سال مراعات

☆☆☆☆☆

سوگوار دسمبر

لقمان اسد

سنا تھا کہ ستمبر ستمگر ہے مگر دسمبر نے تو حد ہی کردی دسمبر کی ابتدا ہوتے ہی دل وسوسوں، واہموں اور ان دیکھے ان سنے خوف میں گھرنے لگتا ہے۔ کئی قومی سانحات اور المیے اسی دسمبر ہی میں ہمارے لیے کرب، غم اور دکھ بھری کئی ایسی المناک داستانیں لے آئے کہ اب تو ذہن اس دسمبر سے ڈرتا ہے۔ 16 دسمبر کو سقوط ڈھاکہ جیسا دلخراش سانحہ، 27 دسمبر کو محترمہ بے نظیر بھٹو کا بہیمانہ قتل اور پھر 16 دسمبر کو ہی دلوں کو ہلا دینے والا سانحہ پشاور۔ ایک ایسا الم ناک سانحہ ہے جو کبھی نہ بھرنے والے زخم ہمارے سینوں میں پیوست کر گیا جنہیں الفاظ میں رقم کرنے سے قلم اور ہاتھ کی انگلیاں لرزتی ہیں۔ اس داستاں کرب و بلا نے اب تک ذہن منجمد، دل سوگوار اور آنکھیں اشکبار کر رکھی ہیں۔ پھول ایسے حسین و جمیل رنگ برنگے ننھے پھول اور ننھی کلیاں کہ جن کے شانے بیگ میں رکھی محدود سی کاپیوں کتابوں کا بوجھ نہ اٹھا سکتے تھے، وہ منوں مٹی کا بوجھ اٹھائے ہمیشہ کیلئے ماں باپ سے اپنے چاند جیسے دلکش روشن چہروں کو اوجھل کر گئے۔ (جاری ہے)

پھر چراغوں میں روشنی نہ رہی

پہلا منظر ملاحظہ کیجئے!
یہ 16 دسمبر 1971ء کا بڑا ہی تکلیف دہ دن ہے، صبح کا وقت ہے، سورج ڈھاکہ ایئرپورٹ کی شکستہ دیواروں سے اوپر ابھر رہا ہے، ہوائی اڈے پر تباہی کا عالم ہے، ٹوٹے ہوئے رن وے پر چند فوجی کھڑے ہیں آسمان پر ایک نقطہ ابھرتا ہے، یہ نقطہ پھیلتا پھیلتا بجلی کا پھر کی شکل اختیار کرلیتا ہے، بجلی کا پھر ایئرپورٹ کا ایک چکر کاٹتا ہوا رن وے کے ایک محفوظ کونے پر آہستہ سے اتر جاتا ہے، پنکھے کی ہوا سے فوجی وردیاں پھڑ پھڑاتی ہیں، دروازہ کھلتا ہے، بھارتی فوجی وردی میں ملبوس ایک سکھ جرنیل باہر نکلتا ہے۔ رن وے پر کھڑا پاکستانی جرنیل آگے بڑھ کر اس کا استقبال فوجی انداز کے سیلوٹ سے کرتا ہے، دونوں ایک اعلیٰ لگژری کار کی طرف بڑھتے ہیں جہاں کار کے پچھلے دونوں دروازے کھول کر کھڑے چاک و چوبند فوجی منتظر ہیں۔ فوجی بوٹوں کی دھمک کے ساتھ مشینی انداز میں سیلوٹ کے ساتھ جرنیلوں کو بیٹھنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ کار رن وے پر دوڑتی ہے اور دوڑتے دوڑتے گرد و غبار میں گم ہو جاتی ہے۔ اس کار میں بھارت کی فاتح فوج کا جرنیل جگجیت سنگھ اروڑہ اور پاکستانی فوج کا مفتوحہ جرنیل امیر عبداللہ خان نیازی عرف ٹائیگر نیازی سوار ہیں۔

اب دوسرا منظر ملاحظہ کیجئے!
صبح کے نو بج کر دس منٹ ہوئے ہیں۔ ڈھاکہ ریس کورس گراؤنڈ کے درمیان میں لکڑی کی ایک سادہ سی میز پڑی ہے اور میز کے گرد صرف دو کرسیاں دھری ہیں۔ گراؤنڈ میں ہزاروں بنگالی جمع ہیں، بنگالیوں کے آگے پیچھے بھارتی فوج کے سینکڑوں جوان کھڑے ہیں۔ کار گراؤنڈ میں داخل ہوتی ہے، عین میز کے سامنے کار رکتی ہے، دو جوان آگے بڑھ کر دروازے کھولتے ہیں، دونوں جرنیل باہر نکلتے ہیں، جو نہی سامنے پڑی کرسیوں پر بیٹھتے ہیں تو دونوں کے سٹاف آفیسرز ان کے پیچھے کھڑے ہو جاتے ہیں، میز پر ایک فائل رکھی جاتی ہے، دونوں جرنل باری باری اس فائل کے کھلے صفحے کی تحریر کے آخر پر آمنے سامنے دستخط کرتے ہیں۔ جنرل نیازی کھڑے ہوتے ہیں، ہولسٹر سے اپنا پستول نکالتے ہیں خالی کرتے ہیں، گولیاں اور پستول جنرل اروڑہ کے حوالے کرتے ہیں۔ بھارتی فوج کا ایک جوان آگے بڑھتا ہے اور جنرل نیازی کے سینے پر لگے سارے تمغے اور کندھوں پر سجے رینکس اتار لیتا ہے۔ لگژری کار میں آنے والے جنرل نیازی تھکے قدموں کے ساتھ اپنی جیپ کی طرف بڑھتے ہیں، گراؤنڈ میں ہزاروں بنگالی ان پر گالیوں کی بوچھاڑ کر دیتے ہیں، وہ چہرہ چھپاتے ہوئے تیزی کے ساتھ جیپ میں پناہ گزیں ہو جاتے ہیں۔ بھارتی جوان غضب ناک بنگالیوں کے مجمع سے بچا کر ٹائیگر نیازی کی جیپ کو اپنی حفاظتی تحویل میں لے کر اگلی منزل کو روانہ ہو جاتے ہیں۔ فلم ختم ہو جاتی ہے۔

یہ فلم بھارتی ٹیلیویژن نے سینکڑوں مرتبہ اسی طرح دکھائی جس طرح فاسق کمانڈو مشرف کے دور میں ہمارا ایک ٹیلیویژن چینل پاک بھارت کے درمیان دوستی "آشا اور امن" کی تلاش کیلئے چلاتا رہا ہے۔ پاکستان میں ایسے صرف دو مواقع آئے، ایک موقع 16 دسمبر کی شام کو آیا جس کے ساتھ یہ خبر نشر ہوئی "دو مقامی جرنیلوں نے جنگ بندی کا معاہدہ کرلیا" اور دوسری بار یہ فلم بھٹو نے 20 دسمبر 1971ء کو مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کا حلف اٹھانے کے بعد چلوائی لیکن آرمی اور عوام کی طرف سے اتنا شدید رد عمل آیا کہ اس پر تاحیات پابندی لگادی گئی۔

اب تیسرا منظر بھی ملاحظہ کیجئے!
20 دسمبر 1971ء کو یحییٰ خان کے چیف آف سٹاف لیفٹیننٹ جنرل عبدالحمید نیشنل ڈیفنس کالج میں داخل ہوتے ہیں۔ جونیئر آفیسرز انہیں دیکھتے ہی غصے سے بے قابو ہو جاتے ہیں، ان کی آنکھوں میں گویا خون اتر آیا ہو، انہیں گالیاں دی جاتی ہیں اور وہ بے بسی کے ساتھ ان جونیئر آفیسرز کو دیکھتے ہیں اور چپ چاپ ہال سے باہر نکل جاتے ہیں۔

اب چوتھا منظر ملاحظہ کیجئے!
دس اپریل 1974ء کو ٹائیگر نیازی بھارت کی قید سے چھوٹتے ہیں، واہگہ سے پاکستان میں داخل ہوتے ہیں اور چند روز بعد وہ افواج پاکستان کے کمانڈر انچیف سے شکوہ کرتے ہیں کہ میں فوج کا لیفٹیننٹ جنرل ہوں، میری گاڑی پر پاکستانی جھنڈا نہیں لگایا جاتا، یہ ڈسپلن کی خلاف ورزی ہے"!

اب پانچواں منظر ملاحظہ کیجئے!
نو اگست 1980ء کو آغا محمد یحییٰ خان کا تابوت باہر نکلتا ہے، تابوت پر پاکستانی جھنڈا لپٹا ہے، جنازہ ہوتا ہے، تابوت کو سلامی دی جاتی ہے، بینڈ بجتا ہے اور پورے فوجی اعزازات کے ساتھ انہیں دفن کردیا جاتا ہے!

اب چھٹا منظر ملاحظہ کیجئے!
بھٹو صاحب تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ ملا کر ملک کا ایک آئین بناتے ہیں جس میں خود ہی اپنے اقتدار اور اختیارات کو دوام دینے کیلئے کچھ آئینی ترامیم بھی منظور کروالیتے ہیں۔ پوری تحقیق اور تسلی کے بعد چھٹے نمبر کے جونیئر جرنیل ضیاء الحق کو فوج کا کمانڈر انچیف مقرر کرتے ہیں اور اسی اسمبلی کے فلور پر بڑے تیقن کے ساتھ پاکستان میں فوجی مارشل لاء کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دفن کرنے کا اعلان کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے اسی جرنیل کے ہاتھوں نہ صرف اقتدار سے فارغ کردیئے جاتے ہیں بلکہ دنیا بھر سے رحم کی درخواستیں موصول ہونے کے باوجود اسی جرنیل کے حکم سے پھانسی کے تختے پر جھول جاتے ہیں۔ جنرل ضیاء الحق کے دور اقتدار میں سرخ ریچھ ہمارے پڑوسی ملک افغانستان پر دھاوا بول دیتا ہے۔ اس کو اپنی طاقت کا اس قدر گھمنڈ ہوتا ہے کہ وہ گرم پانیوں تک رسائی کو چند دنوں کا کھیل سمجھتا تھا لیکن دنیا کی اس سپر طاقت کو اس کی بڑی بھاری قیمت ادا کرنا پڑی اور افغان مجاہدین اور پاکستان کی بے پناہ قربانیوں سے اسی ملک سے دنیا کی چھ نئی مسلم ریاستیں معرض وجود میں آئیں۔ جنرل ضیاء الحق جو اس خطے میں ایک نئے اور انتہائی مضبوط اسلامی بلاک کا خواب دیکھ رہے تھے کہ اچانک ان کا طیارہ فضا میں تباہ کردیا جاتا ہے اور چند اہم امریکی شخصیات کے ساتھ ساتھ پاک افواج کے کئی جرنل موت کی آغوش میں پہنچا دیئے جاتے ہیں اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک اہم ادارے کو اتنے بڑے ناقابل تلافی نقصان سے دوچار کردیا جاتا ہے

ساتواں منظر ملاحظہ کیجئے!
پاکستان میں یکے بعد دیگرے دو سیاسی جماعتوں کی حکومتیں قائم ہوتی ہیں لیکن کوئی بھی اپنی آئینی مدت پوری نہیں کر پاتی۔ ملک کی سیاسی جماعت مسلم لیگ (ن) جو دو تہائی اکثریت کے ساتھ ملک میں حکومت کررہی ہوتی ہے، اس کے اپنے ہی مقرر کردہ فوجی چیف سے سخت اختلافات شروع ہو جاتے ہیں جس کا جوہری سبب کارگل کی وہ جنگ بتایا جاتا ہے جس میں بھارتی سینا کو لگے زخم آج تک مندمل نہیں ہو سکے جبکہ نواز شریف حکومت پہلی مرتبہ بھارتی بنئے کے ساتھ ایک خوشگوار سیاسی تعلقات بحال کرنے کی شروعات میں مصروف تھی۔ سول حکومت کی ملک کے سب سے بڑے دفاعی ادارے کے سربراہ کو اچانک تبدیل کر کے اس کے جہاز کو سری لنکا سے واپسی پر ملک میں اترنے کی اجازت نہ دیکر تین سو زائد مسافروں کی جانوں کو داؤ پر لگا دیا گیا لیکن نواز شریف کی غلط پلاننگ ہی ان کے گلے پڑ گئی۔ فوج نے اپنے جرنیل کو بچاتے ہوئے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ادارے کو بھی کسی بڑی تباہی سے محفوظ کرلیا لیکن اس کے جواب میں ایک دفعہ پھر فوجی کمانڈو جنرل پرویز مشرف اور اس کے ساتھی منتخب حکومت کو معزول کردیتے ہیں اور منتخب حکمرانوں کو جلاوطن کردیا جاتا ہے اور گیارہ سال اس ملک کے نہ صرف تمام اداروں کو تباہ و برباد اور مفلوج کردیا جاتا ہے بلکہ اپنے ناجائز اقتدار کو دوام بخشنے کیلئے خود مختاری کو بھی امریکہ کے ہاتھوں فروخت کردیتا ہے۔ اس ملک کے ہزاروں بیٹوں اور بیٹیوں کو عافیہ بیٹی کے ہمراہ ڈالروں کے عوض امریکہ کے ہاتھ فروخت کردیا جاتا ہے اور بڑے تفاخر سے اپنے ان سیاہ کرتوتوں کا اپنی کتاب میں بھی ذکر کرتا ہے۔ اسی ترقی یافتہ دور میں افغان سفیر ملا ضعیف کو بھی قصر سفید کے فرعون کی سپاہ کے حوالے کردیا جاتا ہے جو اسے گھسیٹ کر پہلے سے منتظر اپنے جہاز میں لاد کر اپنی منزل کو روانہ ہو جاتا ہے اور تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ زمانہ جاہلیت میں بھی غیر ملکی سفیروں کو ہر قسم کی امان کا حق حاصل ہوتا تھا لیکن اقتدار کے اندھے جوش میں ان تمام روایات کو اپنے پاؤں تلے روند کر ایک بدترین مثال قائم کردی گئی۔ قسمت کی ستم ظریفی دیکھئے آخری وقت تک اپنے اقتدار کو دوام کی سازشیں کرنے والا بالآخر اقتدار کی انہی غلام گردشوں کا شکار ہو کر اپنے انہی مخالفین جن کے بارے میں کئی بار اعلان کرچکا ہوتا ہے کہ یہ جلاوطن کبھی بھی ملک میں واپس نہیں آسکتے، خود اپنے ہاتھوں سے ان سب کو سنگین ترین مقدمات میں منحوس "این آر او" دینے کے باوجود آخری گارڈ آف آنر کے بعد ملک سے رخصت ہو جاتا ہے اور اس ملک کو ان کے حوالے کر دیتا ہے جن کے خلاف ملک کی اعلیٰ عدالت میں کرپشن کے کئی مقدمات زیر سماعت تھے۔

اب آٹھواں منظر ملاحظہ کیجئے!
میں اپنے پوتے کے سامنے دنیا کا نقشہ بچھائے بیٹھا ہوں۔ میں پانیوں میں گھرے ایک جزیرے کے ارد گرد پنسل پھیرتا ہوں، پنسل گھماتا ہوا کراچی کے ساحل پر لا کر کہتا ہوں "بنگلہ دیش انچاس سال پہلے پاکستان کا حصہ تھا، پاکستان شروع ہی یہاں سے ہوتا تھا۔ دراصل قیام پاکستان کے بعد محمد علی جناح جلد ہی ہم سے رخصت ہوگئے۔ ان کی رخصتی کے آخری لمحات میں ان کی شکستہ ایمبولینس کراچی کی سڑک پر خراب کھڑی رہی اور کسی کو یہ علم نہ ہوسکا کہ اس میں بانی پاکستان اپنی بہن کے ساتھ آخری سانسیں لے رہے ہیں۔ ان کے ساتھی لیاقت علی خان کو ایک سازش کے تحت راولپنڈی کے اجتماع میں گولی مار کر شہید کردیا گیا اور قاتل اکبر خان کو وہیں گولی مار کر قصہ تمام کردیا گیا اور گولی مارنے والا پولیس افسر نجیب خان کو عہدہ پر ترقی دے دی گئی۔ اس عمل کے بعد یہ عقدہ آج تک نہیں کھلا کہ اس سازش کے پس پردہ کون سے چہرے تھے۔

اب آخری نواں منظر ملاحظہ کیجئے!
اس آخری دردناک منظر نامے کو ملاحظہ کرنے کیلئے اپنے دل پر ہاتھ رکھنا ہوگا۔ ایک بیوروکریٹ غلام محمد کو گورنر جنرل بنا کر کچھ عرصے کیلئے خواجہ ناظم الدین کو وزیر اعظم کا قلمدان سونپ دیا اور ان کو جلد ہٹا کر محمد علی بوگرہ کو وزیر اعظم بنا کر اقتدار اعلیٰ سے بنگال کی نمائندگی ختم کردی گئی جہاں سے مایوسی میں اضافہ ہوا لیکن 1956ء کے آئین سے بنگالیوں کی خوشی اس وقت کافور ہوگئی جب 1958ء میں مارشل لاء نے بنگال کی سیاسی قوتوں کو پھر سے مایوسی کی دلدل میں دھکیل دیا۔ فوج کے سینئر رینکنگ میں صرف دو بنگالی افسر تھے جن میں ایک کرنل اور ایک میجر جنرل تھا، بنگالی یہ سوچنے پر مجبور ہوگئے کہ فوجی حکومت کی موجودگی میں اقتدار تک ہماری کبھی رسائی نہیں ہوسکتی۔ اس پر مستزاد ون یونٹ کے قیام کا اعلان کرکے آبادی کے تناسب کو ختم کرنے کیلئے مشرقی پاکستان کے 56 ہو دونوں کو 44 کے برابر قرار دے دیا گیا جس کے بعد مغربی پاکستان کی نوکر شاہی نے سول اور ملٹری بیوروکریسی سے ساز باز کرکے قومی اداروں پر اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے مشرقی پاکستان کے ہر ضلع کا ڈی سی اور ایس پی مغربی پاکستان سے مقرر کرنا شروع کردیا۔ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

جلسہ لاہور، بچے بچے ہوتے ہیں!!!! (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

کے بجائے یہ ذلت و رسوائی کے ساتھ واپس آئے ہیں۔ جو حال انیس سو ستانوے کے الیکشن میں پاکستان تحریک انصاف کا ہوا تھا وہی حال لاہور میں نون لیگ کی میزبانی میں ہونے والے اس جلسے کا ہوا ہے۔ یقینا پاکستان کے ناکام اجتماع حکومت کو سکون کا سانس لینے کا موقع بھی ملے گا کیونکہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ مطلوبہ تعداد میں عوام کو جلسہ گاہ تک لانے لوگوں کو گھروں سے نکالنے، سڑکوں پر احتجاج کی کیفیت کو پیدا کرنے میں ناکام رہی ہے تو پھر یہ کہا جاسکتا ہے کہ حکومت کو عوامی سطح پر بھی کوئی خطرہ نہیں ہے۔ حکومت اپنا وقت پورا کرسکتی ہے اور اسے پاکستان ڈیموکریٹک سے یا اس حکومت مخالف تحریک سے یا پھر اس جمہوریت مخالف تحریک سے اس حد تک خطرہ نہیں ہوسکتا کہ جس سے نظام کے لپیٹے جانے کا خدشہ ہو یا حکومت کی تبدیلی کی کوئی بات ہو یا ملک گیر احتجاج یہ صورت اختیار کر جائے کہ حکومت کی تبدیلی کا مطالبہ شدت اختیار کر جائے اور کوئی راستہ نہ بچے پھر سیاسی حکومت اپنے ہی وزن سے گر جائے ایسا کچھ ہوتا نہیں آرہا۔

ایک بڑا مسئلہ یہ بھی ہے کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل تمام بڑی سیاسی جماعتوں کے اکابرین اپنی ماضی کی کرپشن کی وجہ سے مختلف مقدمات بھگت رہے ہیں۔ کچھ ملک میں ہیں، بعض بیمار ہیں اور کچھ بیرون ملک بیٹھے پاکستان واپسی کے منتظر ہیں۔ ان حالات میں عوام کو یا مختلف سیاسی جماعتوں کے ووٹرز کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا نہایت مشکل کام ہے۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل تمام سیاسی جماعتیں چونکہ فکری طور پر ایک نہیں ہیں اپنے سیاسی طرز عمل کے حوالے سے وہ مختلف سمت میں کام کرتی ہیں، عوامی نمائندگی کے حوالے سے وہ ایک صفحے پر نہیں ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ گفتگو میں، تہذیب و تمدن میں مختلف ہیں۔ ان کے لئے ایک ہی صفحے پر جمع ہونا بہت مشکل ہے۔ یہ مفادات کی حد تک یا حصول تک ایک ہیں یا پھر یوں کہیے کہ سیاسی جماعتوں ہی ٹوٹی فروٹی ہیں تو غلط نہ ہوگا۔ کوئی لاہور میں لاہوریوں کو برا کہتا ہے کوئی کراچی میں پاکستان کو برا کہتا ہے کوئی کوئٹہ میں پاکستان کے اداروں کے خلاف بات کرتا ہے کوئی گوجرانوالہ میں پاکستان کے ریاستی اداروں اور دفاعی اداروں کے خلاف گفتگو کرتا ہے۔ ان حالات میں عوام کے پاس بھی کوئی واضح نقطہ نظر نہیں پہنچ رہا۔ سیاسی جماعتوں کی پوری ٹیم میدان عمل میں ہے ان کا واحد اور بنیادی مسئلہ حصول اقتدار ہے۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے اکابرین کا بنیادی مقصد پاکستان میں اداروں کے خلاف محاذ قائم کرنا ہے۔ وہی ادارے جن کے ساتھ دہائیوں تک کام کرتے رہے ہیں آج عوام نے انہیں مسترد کیا ان سیاسی جماعتوں کو اقتدار سے باہر نکالا ہے تو انہی اداروں میں برائیاں اور خرابیاں نظر آرہی ہیں۔ آج وہی تمام سیاسی جماعتیں ہیں جو دہائیوں سے انہیں اداروں کے ساتھ مل کر حکومتیں بناتی رہی ہیں انہی اداروں کے ساتھ کام کرتی رہی ہیں انہیں برا بھلا کہہ رہی ہیں اور بدقسمتی کی بات یہ ہے کہ ان کی قیادت بالخصوص دو بڑی سیاسی جماعتوں کی قیادت ان سیاسی بچوں کے ہاتھوں میں ہے جن کا ذاتی طور پر کوئی سیاسی پس منظر نہیں ہے۔ کوئی سیاسی تجربہ نہیں ہے کوئی سیاسی تربیت نہیں ہے ماسوائے اس کے کہ وہ دو حکمران خاندانوں کے گھروں میں پیدا ہوئے اور انہوں نے ہمیشہ بچپن سے لڑکپن، لڑکپن سے جوانی تک اپنے بزرگوں کو اپنے والدین کو حکومتوں میں دیکھا ہے۔ اس کے علاوہ ان کا کوئی سیاسی پس منظر نہیں ہے۔ یہ بچے جذباتی بھی ہیں اور بے صبرے بھی ہیں اور وہ ہر قیمت پر اقتدار میں بھی آنا چاہتے ہیں تاکہ جیسے وہ اپنے والدین کو اقتدار میں دیکھتے آئے ہیں ان کی اگلی نسل اپنے والدین کو اپنے بزرگوں کی طرح اقتدار میں دیکھے۔ وہ خود بھی اقتدار کے مزے لوٹنا چاہتے ہیں اپنی نئی نسل کا راستہ ہموار کرنا چاہتے ہیں۔ اس لیے وہ بے صبری میں تمام ایسے اقدامات بھی کر رہے ہیں ایسی گفتگو بھی کر رہے ہیں ایسے خیالات عوام تک پہنچا رہے ہیں کہ جن کا نہ تو حقیقت سے کوئی تعلق ہے اور نہ ہی وہ قابل عمل ہیں۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کو لاہور میں ہونے والے جلسے سے بڑا سیاسی دھچکا پہنچا ہے اور اس دھچکے سے سنبھلنا پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے لئے مشکل ہوگا بلکہ نہایت مشکل ہوگا اور اب اس سیاسی تحریک کا مستقبل اور لانگ مارچ سے جڑا ہے۔ اس لانگ مارچ میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کیا حکمت عملی اختیار کرتی ہے اگر ساری کی ساری اپوزیشن قومی اور صوبائی اسمبلیوں سے مستعفی ہوتی ہے تو اس کے بعد حکومت کیا راستہ اختیار کرتی ہے۔ متحدہ اپوزیشن متحد ہو کر اسمبلیوں سے مستعفی ہو جاتی ہے تو پھر حکومت کے لیے یقینی طور پر اعصاب کا امتحان ہوگا کہ وہ اس صورتحال میں کس طرح کے ردعمل کا مظاہرہ کرتی ہے اور کیا حکمت عملی اختیار کرتی ہے۔ حکومت کو پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے کامیاب یا ناکام یا عوامی دلچسپی سے عاری اجتماعات کے تمام پہلوؤں پر غور کرتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا۔ حکومت عوامی مسائل حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

اگر وزیر اعظم پاکستان سوا دو سال گزرنے کے بعد بھی عوامی مسائل کو حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کریں گے تو پھر آنے والے دنوں میں حکومت کے لیے بھی مسائل ہو سکتے ہیں اور وہ مسائل اسی صورت ہو سکتے ہیں کہ جب عام آدمی کو نظر انداز کیا جاتا رہے گا اور دوسری طرف پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے وہ تمام سیاسی لوگ جو ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھتے ہیں وہ اپنے اپنے حلقوں میں اپنے اپنے لوگوں سے بات کرتے ہوئے عوام کو حکومت کے خلاف اکٹھا کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ یہ کوشش اسی صورت ناکام ہوسکتی ہے جب عام آدمی کی زندگی آسان ہو رہی ہوگی۔

حکومت کو مختلف حوالوں سے حالات مدد فراہم کر رہے ہیں۔ لاہور میں ہونے والے جلسے کی عام آدمی کی عدم دلچسپی کی ایک وجہ انتہائی سرد موسم میں بھی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرونا کی وجہ سے بھی لوگوں کی ان جلسوں میں عدم دلچسپی حکومت کو مدد فراہم کر رہی ہے۔ اگر حکومت کو حالات سپورٹ کر رہے ہیں اسے مدد فراہم کر رہے ہیں تو اس سے فائدہ اٹھانا بھی حکومت کا کام ہے۔ ان جلسوں میں عوام کی عدم دلچسپی کے بعد بھی اگر حکومت اپنی سمت درست نہیں کرتی، اپنی فیصلہ سازی بہتر نہیں کرتی، بہتر لوگوں کو بہتر وزارتوں میں نہیں رکھتی ہے کام کرنے والے لوگوں کو آگے نہیں لاتی ہے پارٹی کے مخلص لوگوں کو ایماندار لوگوں، فکری اور تعمیری کام کرنے کی اہلیت رکھنے والے لوگوں کو موقع نہیں دیتی اور پارٹی کے نظریاتی کارکنان کو مسلسل نظر انداز کیا جاتا رہے گا تو مسائل میں کمی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ اگر تنظیم سازی پر توجہ نہیں دی جائے گی نچلی سطح پر پارٹی کو منظم کرنے کے لئے کام نہیں کیا جائے گا تو پھر پاکستان تحریک انصاف کو بھی یہ سوچ لینا چاہیے کہ جب 2023 کے الیکشن کے لیے یہ لوگ عوام میں جائیں گے تو ووٹ حاصل کرنا ان کے لیے کتنا مشکل ہوگا۔ 2023 کے عام انتخابات میں پی ٹی آئی کے موجودہ اراکین قومی و صوبائی اسمبلی اپنے اپنے حلقوں میں جائیں گے تو وہ یہ مت سمجھیں کہ اس کارکردگی کے ساتھ اور جو کارکردگی حکومت کی اس وقت ہے آئندہ دو برس میں سوا دو تین برس میں وہ ایسی کارکردگی کو دہراتے ہوئے 2023 کے عام انتخابات میں جاتے ہیں اور وہ اپنے حلقوں میں جاتے ہیں تو ان کا استقبال پھولوں سے ہوگا یا ان کا استقبال ڈھول کی تھاپ پر نہیں ہوگا۔ موجودہ کارکردگی کے ساتھ انہیں اپنی انتخابی مہم میں عوامی غیض و غضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر پاکستان تحریک انصاف کے اکابرین یہ چاہتے ہیں کہ آئندہ عام انتخابات میں عوام انہیں ویلکم کریں تو پھر انہیں عام آدمی کے مسائل کو حل کرنے میں سنجیدگی اور دلچسپی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر حلقے جیتنا تو دور کی بات حلقوں میں داخل ہونا بھی مشکل ہو جائے گا۔ عوام اپنے نمائندوں کو منتخب کر کے ایوان میں پارلیمنٹ میں اس لیے بھیجتے ہیں کہ وہاں جا کر ان کے مسائل اور ان کے حقوق کے لیے بات کریں اور اگر منتخب نمائندے پارلیمنٹ میں جا کر عوام کو بھول جاتے ہیں عوامی مسائل کو نظر انداز کر دیتے ہیں تو پھر دوبارہ ان کے لئے حلقے جیتنا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہو جاتا ہے۔ اب پاکستان تحریک انصاف کو عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں کو نہ صرف شروع کرنا ہے بلکہ انہیں 2022 یا اس کے آخری مہینوں تک مکمل بھی کرنا ہے۔ اگر حکومت آج شروع کیے گئے ملک گیر ترقیاتی منصوبوں کو 2022 جولائی اگست یا ستمبر تک مکمل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتی، حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہوتی، حکومت عوام کو صحت اور تعلیم کی بہتر سہولیات فراہم کرنے میں کامیاب نہیں ہوتی تو پھر اکابرین تحریک انصاف یاد رکھیں کہ 2023 میں وہ یہ نہیں کہہ سکیں گے کہ ان کے پاس حکومت نہیں تھی یا وہ اختیار میں نہیں تھے یا ان کے پاس تجربہ نہیں تھا یا وہ پہلی مرتبہ حکومت میں آئے تھے اس وقت کوئی ان کی بات سننے کو تیار نہیں ہوگا۔ پانچ سال حکومت کرنے کے بعد جب پاکستان تحریک انصاف عوام کے پاس جائے گی تو اس وقت ہر شخص ان سے یہی پوچھے گا کہ ہمارے لئے کچھ کیا ہے۔ 2023 میں جب عام انتخابات کے لیے پی ٹی آئی کے لوگ اپنے حلقوں میں جائیں گے تو لوگ ان سے یہ نہیں پوچھیں گے کہ آپ نے میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف یا آصف زرداری اور مولانا فضل الرحمن کے ساتھ کیا کیا بلکہ اس وقت لوگ یہ پوچھیں گے کہ آپ نے ہمارے لیے کیا کیا ہے۔ اگر حکومت آج سے 2023 کے عام انتخابات کو ہدف بنا کر کام شروع کرے گی تو کامیابی ممکن ہے ورنہ حکومت کے بدلنے میں کونسا وقت لگتا ہے ووٹرز کی سوچ بدلنے میں کونسا وقت لگتا ہے۔ عہدہ وہ بدلنے میں کون سا وقت لگتا ہے، بچوں کے بدلنے میں کونسا وقت لگتا ہے۔

☆☆☆☆☆

رویے کی شعبدہ بازی

کامران غنی صبا

کبھی غور کر کے دیکھئے تو ایسا محسوس ہوگا کہ پوری کائنات ہمیں ہمارے رویے کے مطابق نظر آتی ہے۔ بلکہ اکثر تو ایسا ہی ہوتا ہے کہ ہمارا رویہ ہی کائنات کا رویہ بن جاتا ہے۔ اگر ہمارے رویے میں محبت شامل ہے تو کائنات بھی ہم سے محبت کرنے لگ جاتی ہے۔ اگر ہمارا رویہ منفی ہے تو پوری کائنات ہمیں "منفیات" کے حصار میں جکڑی ہوئی نظر آنے لگتی ہے۔ چنانچہ آپ دیکھیں گے کہ اگر ایک شخص محبت تقسیم کرنے والا ہے تو بدلے میں اسے محبت ہی ملتی ہے۔ بہت ممکن ہے کہ بعض دفعہ اسے محبت کے بدلے میں نفرت بھی مل جائے لیکن اتنا تو یقینی ہے کہ سو لوگوں سے محبت سے پیش آنے والوں کو بدلے میں نوے افراد سے محبت ہی ملتی ہے۔ اسی مقام پر پہنچ کر "رویہ" کا فرق واضح ہو جاتا ہے۔ اگر ایک شخص مثبت رویہ کا حامل ہوگا تو وہ نوے افراد سے ملنے والی محبت کی قدر و قیمت کو سمجھے گا۔ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے ان محبتوں کا ذکر کرے گا اس کے برعکس منفی رویہ کا حامل شخص نوے افراد سے ملنے والی محبت کو بھول کر صرف دس افراد کو اپنی گفتگو کا موضوع بنائے گا۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ اس سے محبت کرنے والے نوے افراد بھی رفتہ رفتہ اس سے کنارہ کش ہوتے جائیں گے اور آخر کار وہ تن تنہا رہ جائے گا۔

انسان کی فکر اس کے رویہ سے ظاہر ہوتی ہے اور اس کا رویہ اس کے افعال و کردار سے ظاہر ہوتا ہے۔ مقررین، مصلحین، قلم کار اور دانشور طبقے کا رویہ ان کی تحریر و تقریر اور اسلوب و لفظیات سے ظاہر ہوتا ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض مقررین اپنی تقریر میں ہمیشہ گلہ شکوہ کرتے نظر آتے ہیں۔ زمانہ خراب ہے، ہر طرف گمراہی ہے، بدعتی ہے، بے راہ روی ہے۔ ان کے خطابات سنیے تو سوائے لعن طعن کے شاید ہی کوئی تعمیری بات نکل کر سامنے آسکے۔ بعض مقررین کی گفتگو سن کر تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پوری کائنات میں ان کے سوا کوئی ہدایت یافتہ ہے ہی نہیں۔ ایسے مقررین کو اگر اختیار دے دیا جائے تو وہ اپنے اور اپنے پیروکاروں کے سوا ساری دنیا کو اٹھا کر جہنم میں جھونک دیں۔ وہیں بعض مقررین کی باتیں سیدھے دل پر نقش ہوتی ہیں۔ ان کے رویے میں نرمی ہوتی ہے۔ سوز ہوتا ہے۔ اسرار عشق ہوتا ہے۔ انسانی نفسیات کو سمجھ کر اس کی اصلاح کی فکر ہوتی ہے۔ یہی معاملہ اصحاب قلم کا بھی ہے۔ رویہ ہی قلم کو اسلوب عطا کرتا ہے اور اسلوب ہی قاری کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ چنانچہ رویہ ہی زبان اور قلم کو مقبولیت عطا کرتا ہے۔ بعض رویے مصنوعی بھی ہوتے ہیں۔ خاص طور پر مقررین اور اصحاب قلم کے رویوں کی اصلیت تک پہنچنا آسان نہیں ہوتا۔

بعض دفعہ تحریر و تقریر کا مصنوعی رویہ مصنف یا مقرر کے اصل رویہ سے بالکل برعکس بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ کسی مقرر کے چند ایک خطابات کو سن کر یا کسی صاحب قلم کی چند ایک تحریروں کو پڑھ کر ہم اس کے اصل رویہ تک پہنچ جائیں ایسا کوئی ضروری نہیں ہے۔ رویے کے مشاہدے کے لیے ضروری ہے کہ ہمیں جس شخص کے رویے کا مطالعہ و مشاہدہ کرنا ہے اس سے ہمارا راست تعلق بھی ہو۔ یعنی اگر کوئی مقرر یا صاحب قلم اپنی تحریر و تقریر میں صلہ رحمی پر بہت زیادہ زور دیتا ہے تو کوئی ضروری نہیں کہ حقیقی زندگی میں لوگوں سے اس کا رویہ صلہ رحمی والا ہی ہو۔ اگر اس کا رویہ حقیقی ہوگا تو اس کے قول و فعل میں یکسانیت ہوگی۔ دور اندیش اور ذہین سامع و قاری مقرر اور صاحب قلم سے ملے بغیر بھی اس کے رویے کا اندازہ لگالیتا ہے۔

"رویہ" کے تعلق سے قابل غور پہلو یہ بھی ہے کہ "رویہ" اور "فکر" کا ایک دوسرے سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ عام طور سے ہوتا یہ ہے کہ ہماری فکر کے مطابق ہی ہمارا رویہ تشکیل پاتا ہے۔ مثال کے طور پر چند ایک تجربات کی روشنی میں ہم نے اپنے ذہن میں ایک مفروضہ قائم کرلیا کہ بغیر جھوٹ بولے دفتر سے چھٹی نہیں مل سکتی۔ اب اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دفتر سے چھٹی مانگنے والا ہر شخص ہمیں جھوٹا نظر آئے گا۔ کچھ لوگوں کی فکر انتہائی منفی ہوتی ہے۔ انہیں دنیا کے ہر کام میں عیب ہی عیب نظر آتا ہے۔ ایسے لوگوں کا رویہ بھی منفی ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک باپ کا رویہ اپنے بیٹے کے تعلق سے منفی ہے۔ اب اگر اس کا بیٹا امتحان میں کم نمبر لائے گا تو باپ کو شک ہوگا کہ اس کے بیٹے نے نصابی کتابوں کو ٹھیک سے پڑھا ہی نہیں۔ اور اگر اس کا بیٹا اچھے نمبر سے کامیاب ہو جائے تو وہ شک کرے گا کہ ضرور اس نے امتحان میں چوری کی ہوگی۔

رویہ میں مقناطیسی کشش ہوتی ہے۔ ہمارا رویہ جیسا ہوگا ہمیں ویسے ہی افراد و احباب بھی میسر آئیں گے۔ مثلاً جس شخص کا رویہ جھوٹ بولنے پر مبنی ہوگا بالکل یقینی سی بات ہے کہ اس کے حلقہ احباب میں جھوٹ بولنے والوں کی کثرت ہوگی۔ منفی رویے کے حامل شخص کے ارد گرد مثبت رویے کے حامل افراد بہت کم نظر آئیں گے۔ جھگڑالو رویہ رکھنے والوں کا سابقہ اکثر جھگڑا کرنے والے لوگوں سے ہی ہوتا ہے۔ محبت کرنے والوں کو محبت اور نفرت کرنے والوں کو بدلے میں نفرت ہی ملتی ہے۔ یعنی ساری شعبدہ بازی رویوں کی ہی ہے۔ معروف صوفی دانشور احمد اشفاق کہتے ہیں:

"کوئی شخص، کوئی رشتہ، کوئی جذبہ کبھی مشکل نہیں ہوتا۔ ان کے بھی پاؤں ہوتے ہیں۔ بس ہمارا سلوک اور رویہ دیکھ کر کبھی یہ بھاگ کر قریب آجاتے ہیں اور کبھی آہستہ آہستہ دور چلے جاتے ہیں۔

فکسڈ اور گروتھ مائنڈسیٹ کی عملی اشکال

مہر محمد حسنین ہراج

فکسڈ اور گروتھ مائنڈسیٹ کو صلاحیت و قابلیت کے لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جو ذہنی پستی اور ترقی کی عملی اشکال کہلاتی ہیں فکسڈ مائنڈسیٹ اور گروتھ مائنڈسیٹ ان دونوں کی فکری جدوجہد کا تعلق کمال اور زوال کی عملی صورت سے براہ راست ہوتا ہے۔ فکسڈ مائنڈسیٹ اس ذہنی پسماندگی پر آمادگی کا نام ہے جو کسی بھی معاشرے میں ترقی کی منازل اور تحقیق کے مراحل کو سنجیدگی سے طے کرنے پر بظاہر آمادہ نظر نہیں آتا۔ اس طرح کا مائنڈسیٹ اپنے ماضی پر ہی اکتفا کرتا ہے اور گزشتہ سے پیوستہ کر شخص اسی کو اوڑھ کر گرتا رہتا ہے۔ جس وجہ سے مستقبل میں عروج پانے کی تمام راہیں مسدود ہو جاتی ہیں۔ اس کے برعکس گروتھ مائنڈسیٹ جو اپنی ماضی کی حماقتوں سے نتائج کی حصولیت اور سبق آموزی کو مستقبل کی فکرمندی پر حاوی کو جانچتے ہو اجتماعی ذہانت کے ارتقائی تسلسل کو برقرار رکھتا ہے۔ پاکستان میں سیاست وجمہوریت اور دیگر عوامل کو اگر ان دو قوانین کی کسوٹی پر پرکھا جاتا تو پتہ چلتا ہے ہم کس مائنڈسیٹ کی عمل پذیری پر کھڑے ہیں ہمارے سیاستدان حکمران فلاسفر دانشور اور عوام نے فکسڈ مائنڈسیٹ کا انتخاب کیا ہوا ہے۔ جاپان ہم سے ایک سال بعد آزاد ہوا مگر اس قوم نے گروتھ مائنڈسیٹ کے ذریعے خود کو دنیا کے سامنے ایک بڑی معاشی اور جنگی قوت کے طور پر پیش کیا اسی طرح امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس، جاپان، ترکی اور کئی دنیا کے دوسرے ممالک نے ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھ کر خود کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کیا فکسڈ مائنڈسیٹ فکری طور پر پاکستان میں ذہنی قید و بند کی وہ پسماندہ سوچ ہے۔ جس نے ہمیں سیاسی وجمہوری معاشی واقتصادی صنعتی وتجارتی طور پر مفلوک الحال بنا دیا ہے۔ یہ اسی سوچ کا ہی نتیجہ ہے کہ ہم آج بداخلاقی بدامنی ناانصافی غربت وافلاس بے روزگاری اور تنگی جیسی قباحتوں سے دوچار ہیں۔ اشرافیہ کے چند لوگ

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمال الدینی، سب ایڈیٹر نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

مارچ یا جلسے کرنا اپوزیشن کا جمہوری حق ہے تاہم انہیں ملک اور عوام کے بہتر مفاد میں قدم اٹھانا چاہئے شور شرابا کرنے سے حکومتیں نہیں گرتی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحبت پور میں صحبت پور سے کشمور سڑک انٹر کالج کی نئی بلڈنگ اور اسپورٹس کمپلیکس کے سنگ بنیاد کے موقع پر منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ ہماری ترجیح ہے کہ صوبے کے ہر ضلع میں طبی سہولتوں سے آراستہ اسپتال گرلز بوائز کالج یونیورسٹی ریزیڈینشل کالجز اور بہتر سڑکیں بنائی جائیں تاکہ عوام کا معیار زندگی بلند ہو اور انہیں تمام تر سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آسکیں بے روزگاری کے خاتمے کیلئے صوبے کے پسماندہ اور دیہی علاقوں کے بے روزگار نوجوانوں میں دس ہزار چنگ چی رکشے تقسیم کئے جائیں گے نالیاں اور تالاب پختہ کئے جارہے ہیں بلوچستان کے بڑے اضلاع کے شہروں میں با قاعدہ منصوبہ بندی کے تحت اجتماعی بھلائی کے میگا پراجیکٹس کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے ہم نے بلوچستان کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کردیا ہے۔

شال بقیہ 2

نے کابینہ ارکان پر زور دیا کہ وہ صوبائی حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لئے مزید بہتر انداز میں کام کریں۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے بتایا کے ہر ماہ تمام وزارتوں کی کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے جبکہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے وزیر اعلیٰ کمپلینٹس سیل کو ایک فعال انداز میں چلایا جارہا ہے جس میں موقع پر ہی عوامی مسائل اور شکایات کا ازالہ کیا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نے کابینہ اراکین کو تاکید کی کہ وہ اپنے اپنے حلقوں کا تواتر سے دورہ کیا کریں تاکہ عوام کے مسائل جلد حل ہوسکیں کیونکہ غریبوں کی داد رسی اور خدمت ہی اصل کامیابی ہے۔ وزیر اعظم نے قبائلی اضلاع میں موبائل انٹرنیٹ کو مزید بہتر بنانے جبکہ کامیاب جوان پروگرام کا دائرہ کار قبائلی اضلاع تک بڑھانے کی بھی ہدایت دی۔ صوبے میں سیاحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے انہوں نے کہا کے سیاحت کے فروغ سے خاطر خواہ محصولات حاصل ہوں گے اور لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔

شال بقیہ 3

قوم سوگوار ہوئی، انسان میں مختلف وجوہات کی بناء پر انتہا پسندی جنم لیتی ہے، انسان کی فطرت میں فوبیاز اور محبت و نفرت شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام و ممالک کو ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھنا چاہئے تاہم نسل نو ان غلطیوں کو نئے انداز سے دہراتی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں انسانیت سکھ و امن کی طرف جائے گی ظلم کا تعلق ہتھیاروں سے ہے، جتنے بڑے ہتھیار ہوں گے اتنا بڑا اقتال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عراق میں ہتھیاروں سے متعلق غلط معلومات کے باعث لاکھوں افراد کو نشانہ بنایا گیا۔صدر مملکت نے کہا کہ جب کسی قوم میں تعصب پیدا ہو جائے تو اس کی سوچ مخصوص نکتہ پر اٹک جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں شمولیاتی ادارے رکھنے والے ممالک نے ترقی کی جبکہ تقسیم پیدا کرنے والے ممالک ترقی کے عمل میں پیچھے رہ گئے، صنعتی انقلاب کے دور میں بھی صرف شمولیاتی اداروں والے ممالک نے ترقی کی۔ انہوں نے کہا کہ مغلوں کے دور میں ہندوستان خوشحال خطہ تھا، برطانیہ نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے ذریعے تجارتی تعلقات قائم کرکے ہندوستان پر قبضہ کیا، مغلوں کے دور میں ملک میں مثالی مساوات قائم تھیں۔

شال بقیہ 4

حکمرانی روڈ میپ پراجیکٹ کے تحت بلوچستان نے نمایاں پیشرفت دکھائی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو مقامی ہوٹل میں بلوچستان قانون کی حکمرانی روڈ میپ کی سٹیرنگ کمیٹی کے چوتھے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر یو این او ڈی سی پاکستان کے نمائندہ جیریمی ملسم، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ وقبائلی امور بلوچستان حافظ عبدالباسط سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا، وزیر داخلہ وقبائلی امور ضیاء اللہ لانگو نے اس روڈ میپ کے تحت فوجداری نظام انصاف کے لئے وسیع تر اصلاحات کو آگے۔

شال بقیہ 5

کے آزادی مارچ کا بھی یہی انجام ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی جلسوں والی سیریز ناکام ہوئی ہے اور اب وہ تاریخ پہ تاریخ دیتے آرہے ہیں۔ڈپٹی اسپیکر نے بتایا کہ اگر اپوزیشن ارکان استعفے دیتے بھی ہیں تو حکومت خالی نشستوں پر ضمنی انتخاب کرائے گی اور انہیں عبرت ناک شکست ہوگی۔قاسم سوری کا کہنا تھا کہ 'جہانگیر ترین ہمارے ساتھی ہیں ان کو پورا موقع دیا جارہا ہے وہ بھاگنے والے نہیں ہیں وہ واپس پاکستان آئے ہیں اور اپنے مقدمات کا دفاع کر رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ عمران خان وہ شخص ہیں جنہوں نے اپنے آئیڈیل ماجد خان کو بھی پرفارمنس اچھا نہ ہونے پر نکال دیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ کرپشن میں ملوث ہونے والے چاہے کسی بھی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں سب کا بلا امتیاز احتساب ہوگا۔

شال بقیہ 6

ہائی وے کے 653 کلومیٹر لمبے حصے پر لیویز اور پولیس تعینات کیا جائے اور فوری طور پر ہائی وے پر آج سے گشت شروع کیا جائے تاکہ عوام کے تحفظ کو یقینی اور علاقائی امن وامان کو برقرار رکھا جاسکے۔ انہوں نے ڈی جی پی ڈی ایم اے کو ہدایت کی کہ فوری طور پر پری۔فیب کے کمرے اور واش روم سکیورٹی فورسز اور مسافروں کی سہولت کیلئے روانہ کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی حادثے کی صورت میں ایمبولینسز اور ادویات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائیگا۔

شال بقیہ 7

ہمیں آگے آنا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے بات چیت اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ سینیٹ آئینی ادارہ ہے اور اس کی انتخابات مقررہ وقت سے قبل نہیں ہوسکتے لہذا قبل از وقت سینیٹ انتخابات کی سازش کامیاب ہونے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق سینیٹ کے نصف ممبران مارچ میں سبکدوش ہوجائیں گے اور مارچ میں ہی نئے ممبران کا انتخاب ہوگا جس کے بعد سینیٹ کے انتخابات ہوں گے۔

شال بقیہ 8

واقعہ کی تفتیش کررہی ہے پنجگور کے تحصیل پروم کا یہ علاقہ تقریباً شہر سے 60 کلومیٹر دور ہے اور دشوار گزار راستوں پر مشتمل ہے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس اور ایف سی علاقے میں پہنچ گئے لاشوں اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنجگور منتقل کرنے کے بعد ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو ورثاء کے حوالے کردیا گیا۔

شال بقیہ 9

کی سماعت پر سنایا۔ پانچ رکنی بنچ میں جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس ہاشم کاکڑ جسٹس عبدالحمید بلوچ اور جسٹس عبداللہ بلوچ شامل تھے دوران سماعت چیف جسٹس جمال خان مندوخیل نے ڈی ایچ اے ایکٹ کیخلاف درخواست پر فیصلہ پڑھ کر سنایا عدالت نے ڈی ایچ اے ایکٹ 2015 کی شق نمبر دو۔ کیو۔ چھ بی 1-14،14 بی کو آئین کے متصادم قرار دیا عدالت نے ڈی ایچ اے کے ایگزیکٹو بورڈ کو مخصوص علاقے کے استعمال کی دی گئی اجازت کو بھی کالعدم قرار دے دیا عدالت نے حکم دیا کہ ڈی ایچ اے کو اراضی کے حصول کی اجازت بھی غیر آئینی اقدام ہے۔

شال بقیہ 10

بنیادوں پر بھی اقدامات کا آغاز کردیا گیا ہے۔جس سے صوبہ بھر میں روزگار کے وسیع مواقع میسر آئیں گے۔ صوبائی مشیر کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت موجودہ صورتحال میں تمام شعبوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کیلئے اپنے وسائل سے بڑھ کر اقدامات کر رہی ہے نئے مالی سال کے صوبائی بجٹ میں دوسرے شعبوں بے خان نے کہا ہے کہ کورونا وباء کی وجہ سے زندگی کے تمام شعبے بری طرح متاثر ہوئے ہیں صوبائی حکومت تمام شعبوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کیلئے اپنے وسائل سے بڑھ کر اقدامات کررہی ہے۔

شال بقیہ 11

جھگک ہے بیان میں کہا کہ بلوچستان کے مقامی لوگوں کے زمینوں کو غیر قانونی طریقے سے ڈی ایچ اے کو الاٹ کرنا خلاف قانون ہے بیان میں کہا کہ بلوچستان کے مقامی لوگوں کی زرعی زمینیں جو سینکڑوں سالوں سے قبائل کی ملکیت ہیں اسے نام نہاد ترقی کے نام پر جبری طور قبضہ کی جارہی ہے اور ایک مخصوص لابی گوادر میں سی پیک کے نام پر لاکھوں لوگوں کو آباد کرنے کا منصوبہ ہے جبکہ ڈی ایچ اے میں ہزاروں ایکڑ پر رہائشی منصوبہ ایک سوچی سمجھی سازش ہے۔

شال بقیہ 12

ختم ہوگی، لاہور اور کراچی جیسے شہروں کے ماحول کیلئے یہ الیکٹرک وہیکل پالیسی اہم ہے۔فواد چوہدری نے کہا کہ شہروں میں 35 فیصد سے زیادہ فضائی آلودگی ٹریفک کی وجہ سے ہے۔انہوں نے بتایا کہ ای سی سی نے موبائل مینوفیکچرنگ پالیسی کی بھی منظوری دے دی ہے، موبائل فون بنانے والی 3 بڑی کمپنیاں بہت جلد پاکستان میں آپریشن شروع کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ میڈ ان پاکستان کی مہم میں یہ بڑی کامیابیاں ہیں، بہت جلد ہم اپنی الیکٹرک گاڑیاں اور موبائل فونز بنا رہے ہوں گے۔ وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ ہم اب اپنے وینٹی لیٹرز بنا رہے ہیں، جلد ایکسرے اور الٹرا ساؤنڈ مشینیں بھی بنا سکیں گے۔

شال بقیہ 13

دوران دوسروں کا احساس نظر آیا ہے، اور رہائشیوں، کاروباری حضرات نے اس مشکل وقت میں ایک دوسرے کا بہت ساتھ دیا ہے۔تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ وائرس اب بھی موجود ہے اسی لئے ہم سب کو خود کو اپنے دوستوں کو گھر والوں کو اور اپنی کمیونٹی کو اس وائرس کے پھیلاؤ سے روکنے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 14

شانہ کھڑی ہے جس کے باعث سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا، آج کے دن شہید بچوں، اساتذہ اور ان کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزراء سردار یار محمد رند، انجینئر زمرک خان اچکزئی، میر ظہور بلیدی، میر ضیاء اللہ لانگو، میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی وزیر محمد خان لہڑی، صوبائی مشیر عبدالخالق ہزارہ، ملک نعیم خان بازئی، مٹھا خان کاکڑ، قادر علی نائل، دھنیش کمار، میر نعمت اللہ زہری، سینیٹرز نصیب اللہ بازئی، منظور احمد کاکڑ، سرفراز بگٹی، کہدہ بابر، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند، سابق صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، میر عبدالکریم نوشیروانی، بلوچستان عوامی پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر حاجی ولی نورزئی کا سانحہ آرمی پبلک سکول کے موقع پر پیغام میں کیا۔

شال بقیہ 15

کے تحت پنجاب میں مسلسل رسک مینجمنٹ، ریونیو کی بہتری اور اخراجات کی مینجمنٹ میں مدد ملے گی۔ خسرو بختیار نے کہا کہ ہماری حکومت کا مقصد فسکل مینجمنٹ کو بہتر بنانا ہے، عالمی بینک کے تعاون کیلئے شکر گزار ہیں۔ کنٹری عالمی بینک نے کہا کہ عالمی بینک پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے تعاون جاری رکھے گا۔

شال بقیہ 16

مقرر کر دیا گیا ہے، کابینہ کمیٹی برائے سرکاری ملکیتی اداروں کی بھی تشکیل نو کی گئی ہے جس کے سربراہ بھی وزیر خزانہ ہوں گے۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی کی بھی تشکیل نو کردی گئی ہے جس کا چیئرمین بھی وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کو مقرر کیا گیا ہے، اقتصادی رابطہ کمیٹی اب 14 ارکان پر مشتمل ہو گی۔ کابینہ کمیٹی برائے سی پیک کی تشکیل نو کرتے ہوئے وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کو اس کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے، یہ کمیٹی 12 ارکان پر مشتمل ہو گی۔ ذرائع کے مطابق وزیر منصوبہ بندی نئی 9 رکنی کابینہ کمیٹی برائے توانائی کے بھی چیئرمین مقرر کیئے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ کابینہ کمیٹی برائے ادارہ جاتی اصلاحات کی بھی تشکیل نو کرتے ہوئے وزیر تعلیم شفقت محمود کو اس کا چیئرمین مقرر کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 17

کے عزائم سے خطے کے امن کو خطرات لاحق ہیں۔ سینیٹر شبلی فراز نے ہندوتوا کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کو ہماری کہانی بتانا لازمی ہے، ہمارا قصہ سچ پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ہونے کی حیثیت سے جانتا ہوں کہ بھارت نے کبھی پاکستان کو قبول نہیں کیا، مودی نے اپنا اصل چہرہ دنیا کو دکھایا ہے، مودی نے دنیا کو بتایا کہ ہندوستان جمہوری نہیں فاشسٹ ملک ہے۔شبلی فراز نے کہا کہ دنیا کو ہندوستان کا اصل چہرہ دکھانا لازمی ہے، انسانی حقوق کی تنظیمیں کہاں ہیں؟ وفاقی وزیر نے کہا کہ بدقسمتی سے بھارت حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرتا ہے، بھارت پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے درپے ہے۔ انہوں نے کہ پاکستان کو کمزور کرنے کے لیے بھارت جھوٹ، بہتان اور الزام تراشی کا سہارا لیتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بھارت میں انتہا پسند حکومت کے عزائم سے خطے کے امن کو خطرات لاحق ہیں۔

شال بقیہ 18

تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ جاجنیک کے مقام پر تیز رفتار کار بے قابو ہو کر الٹ گئی۔ حادثے میں دو افراد خرم شہزاد اور ارسلان نامی اشخاص جاں بحق ہوگئے جب کہ دو افراد محمد بلال شیخ اور ظہیر احمد زخمی ہوگئے ہیں جاں بحق و زخمیوں کو ڈی ایچ کیو سوراب منتقل کردیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کردیا گیا جب کہ جاں بحق افراد کے نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا ہے حادثے کے شکار افراد کا تعلق کوئٹہ سے بتایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 19

سٹی تھر میں گیس لیکج کے باعث دھماکے سے ایک شخص مجلس کر زخمی ہو گیا پولیس نے زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 20

ہائیکورٹ کے لارجر بنچ کا فیصلہ ایک آزاد عدلیہ کا فیصلہ اور جھگک ہے بیان میں کہا کہ بلوچستان کے مقامی لوگوں کے زمینوں کو غیر قانونی طریقے سے ڈی ایچ اے کو الاٹ کرنا خلاف قانون ہے بیان میں کہا کہ بلوچستان کے مقامی لوگوں کی زرعی زمینیں جو سینکڑوں سالوں سے قبائل کی ملکیت ہیں اسے نام نہاد ترقی کے نام پر جبری طور قبضہ کی جارہی ہے اور ایک مخصوص لابی گوادر میں سی پیک کے نام پر لاکھوں لوگوں کو آباد کرنے کا منصوبہ ہے جبکہ ڈی ایچ اے میں ہزاروں ایکڑ پر رہائشی منصوبہ ایک سوچی سمجھی سازش ہے جس سے بلوچستان کی ڈیموگرافی کو تبدیل کرنے کا منصوبہ ہے بیان میں کہا کہ گوادر کے اندر باڑ لگا کر گوادر کے مقامی لوگوں کو بے دخل کرنے کا منصوبہ ہے۔

شال بقیہ 21

ہے کہ سانحہ آرمی پبلک اسکول نے قوم کو دہشت گردی کے خلاف متحد کردیا ہے۔ شہداء کی قربانیوں کے نتیجے میں ہی آج ملک بھر میں امن قائم ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ امن کے لئے قوم نے عظیم قربانیاں دی ہیں، امن کے لئے دی گئی قربانیوں کی بدولت آج ہم پرامن ماحول میں رہ رہے ہیں، اے پی ایس کے معصوم شہداء اور ان کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ سانحہ اے پی سی نے دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد کیا آج دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ 16 دسمبر ہمیشہ ملک کے سیاہ ترین دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا شہداء اے پی ایس کی یاد آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہے۔

شال بقیہ 22

صوبے کے اکثر ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان اور ڈاکٹروں کی عدم موجودگی کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلوچستان میں صحت کا شعبہ ایم ایس ڈی، سینئر ڈاکٹرز و پروفیسرز، بیوروکریسی اور سیاست دانوں کی شکل میں مافیاز میڈیکل سپلائی اور تبادلوں پر کنٹرول ہے نجی ہسپتالوں ڈاکٹروں کے بے تحاشہ فیس کے ساتھ لیبارٹری، ایکسرے، الٹراساؤنڈ موٹوگرافی کے فیس عام لوگوں کی دسترس سے باہر ہوچکے ہیں حکومت نے ڈاکٹرز اور لیبارٹریوں کیلئے کوئی فیسوں کے تعین نہیں کی جس کی وجہ سے ڈاکٹرز اپنے کلینکس پر من پسند فیسوں کے تعین میں آزاد ہے انہوں نے کہا کہ سول ہسپتال کی زبوں حالی اور علاج معالجے کی سہولیات نہ ہونے سے ہسپتال ویران ہو گیا ہے غریب مریضوں کو دور دراز علاقوں سے علاج کیلئے لایا جاتا ہے لیکن ہسپتال میں عدم سہولیات کی وجہ سے اکثر مریض کو بھاری بھر اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں جبکہ غریب مریض اخراجات کی عدم برداشت کی وجہ سے اپنی زندگی سے محروم بھی ہوجاتے ہیں۔

شال بقیہ 23

کی زخمات آج بھی اسی طرح تازہ ہے انتہاپسندوں دہشت گردوں نے نخنوں میں پھول جیسے بچوں کو تہہ تیغ کرکے قوم کے مستقبل کو تاریک بنانے کی ناقابل معافی جرم کیا بجائے اس کے کہ ان کرداروں کو کیفر کردار پہنچایا جاتا لیکن حکمران اشرافیہ نے انہیں شاہی مہمان بنا کر لواحقین کیزخموں پر نمک پاشی کی گئی عوامی نیشنل پارٹی کی قیادت نے شروع دن سے انتہاپسندی اور دہشت گردی کے خلاف آواز اٹھائی آج بھی اے این پی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات اسعد خان اچکزئی لاپتہ ہیں جو اذیت اور کرب کی ایک نئی شکل ہے۔

شال بقیہ 24

کی تصدیق ہوئی ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں میں 38 ہزار 28 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 2731 افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی جب کہ 105 ریکارڈ اموات بھی ہوئیں۔این سی اوسی کے مطابق پاکستان میں کورونا سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 9 ہزار 10 ہوگئی ہے، مجموعی کیسز 4 لاکھ 45977 تک جاپہنچے ہیں جن میں ایکٹو کیسز کی تعداد 48 ہزار 369 ہے۔این سی او سی کے مطابق 24 گھنٹوں میں کورونا سے سب سے زیادہ اموات سندھ میں ہوئیں جن کی تعداد 58 ہے، دوسرے نمبر پر پنجاب میں 30، کے پی 12، اسلام آباد 2، بلوچستان ایک اور آزاد کشمیر 2 اموات ہوئیں۔این سی او سی کے مطابق اب تک 3 لاکھ 88598 افراد وائرس سے صحت یاب ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 25

کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کو روز اول سے ہی اس طرح کے اقدامات کرکے لوٹا جارہا ہے یہی وجہ ہے کہ اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں کی بدولت بلوچستان کے لوگوں میں نفرت پائی جاتی ہے اس لئے حکومت اور مقتدر قوتیں باز لگانے کے عمل سے گریز کریں۔

شال بقیہ 26

9 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا۔ذرائع کے مطابق قطر میں طالبان کے سیاسی دفتر کے سربراہ ملا عبدالغنی برادر کی سربراہی میں طالبان پولیٹیکل کمیشن کا 9 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا۔ذرائع کے مطابق طالبان پولیٹیکل کمیشن کا وفد 16 سے لیکر 18 دسمبر تک پاکستان میں تین دن قیام کرے گا۔ وفد اسلام آباد میں قیام کے دوران حکومتی عہدیداران سے ملاقات بھی کرے گا۔

شال بقیہ 27

وسائل کے باوجود سمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی کے ذریعے کرونا وبا کے پھیلاؤ کو روکنے میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ کرونا وبا کی دوسری لہر شدت اختیار کررہی ہے پاکستان میں وائرس سے متاثرین کی تعداد میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے لیکن ہم اپنی معاشی سرگرمیوں کو جاری رکھتے ہوئے، وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ گہرے دوطرفہ تعلقات کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرونا عالمی وبائی چیلنج کے باوجود پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان ایکسپورٹ کی شرح میں اضافہ خوش آئند ہے۔دونوں وزرائے خارجہ کے مابین دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں فروغ پر اتفاق کیا گیا۔وزیر خارجہ نے نیدرلینڈ کے وزیر خارجہ کو یو این ہیومن رائٹس کونسل کے ممبر منتخب ہونے کے بعد انسانی حقوق کی ترویج کے حوالے سے پاکستان کی ترجیحات سے آگاہ کیا۔

شال بقیہ 28

پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی محفوظ اور پرامن پاکستان کی بنیادوں میں بچوں کا خون شامل ہے ننھے پھولوں نے عظیم مقصد کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ شہید بچوں کی عظیم قربانیاں نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا اور سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا شہید بچے اور اساتذہ قوم کے ہیرو ہیں اور انکے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم آج آرمی پبلک اسکول پشاور کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کررہی ہیں ہمیں آج اسی اتحاد کو برقرار رکھنے کے عزم کی تجدید کرتا ہے جس کی خاطر معصوم بچوں نے اپنی جانیں قربان کی ہیں۔

شال بقیہ 29

کے خلاف ریفرنس دائر کررکھا ہے۔ چیئرمین پی ڈی اے نے دیگر ملزمان کی ملی بھگت سے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے بننے والے ژوب میر علی خیل مجوری کچھ سڑک کا منصوبہ غیر قانونی طور پر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو سے لے کر پی ڈی اے کے سپرد کیا اور پروجیکٹ کی لاگت کو 1 ارب 68 کروڑ سے بڑھا کر 11 ارب کر کے ٹھیکیداران کو ناجائز منافع پہنچایا۔نیب بلوچستان کی بروقت کارروائی کی وجہ سے اس وقت کے چیف منسٹر بلوچستان نے مذکورہ سڑک کے تخمینے کی جانچ کے لئے تجربہ کار ایکسپرٹس کی ایک کمیٹی تشکیل دی جس نے انکشاف کیا کہ مذکورہ سڑک کا تخمینہ لاگت حقیقت سے بڑھ کر ہے اور کمیٹی کی سفارشات پر مذکورہ سڑک کا تخمینہ لاگت 11 ارب سے کم کر کے 6 ارب پر لایا گیا جس سے سرکاری خزانے کو تقریباً 5 ارب کے نقصان سے بچا لیا گیا۔

شال بقیہ 30

کے ساتھ بات چیت شروع ہوگئی ہے۔ابراعز کے مطابق ایران میں حکمران نظام کے خلاف عائد کی گئی امریکی پابندیاں، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور دہشت گردی کے انسداد کے سلسلے میں ہیں۔اسی طرح ایلوٹ ابراعز نے 25 نومبر کو ایران کے خلاف ایک بار پھر پابندیاں سخت کرنے کا اعلان کیا تھا۔ انہوں نے منتخب صدر جو بائیڈن پر زور دیا کہ وہ واشنگٹن کی دباؤ کی پالیسی سے مثالی طور پر مستفید ہوں۔امریکی خصوصی ایلچی نے باور کرایا کہ ایران کے ساتھ جوہری معاہدے میں واپسی میں کئی ماہ لگ جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ سمجھنا غلط ہوگا کہ نئی امریکی انتظامیہ ایران کے حوالے سے پالیسی کو برقی چابی کی طرح تبدیل کرے گی۔

شال بقیہ 31

سیکٹر میں شہید ہونے والے جوانوں کے لواحقین سے اظہار افسوس کیا۔مولانا فضل الرحمان نے نائیک شاہجہان، اور سپاہی حمید کے بلند درجات کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے ہمیشہ وطن عزیز کی خاطر اپنی جانے قربان کی ہے۔

شال بقیہ 32

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سولہ دسمبر کا دن ہمیں جھنجھوڑتا ہے، ہمارا ملک اندوہناک ہوگیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 1971 کے سولہ دسمبر کیساتھ پشاور کے واقعے کو بھی یاد رکھتے ہیں، 1971 اور دو ہزار کا واقعہ کیوں پیش آیا اس کی وجوہات ہمیں معلوم ہونا چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ جو ہم راتوں کو آرام سے سوتے ہیں یہ ان کی وجہ سے ہے جو ہماری سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاک فوج کو خراج تحسین کے مستحق ہیں، آج کا دن تکلیف دہ دنوں کی یاد دلاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے بہت کچھ سیکھا ہے اور جو سیکھ چکے ہیں اس پر عمل درآمد کراتا ہے۔

شال بقیہ 33

پہنچے۔برطانیہ کی جانب سے ڈی پورٹ کیے گئے 43 افراد کو پاکستان واپس بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا۔

شال بقیہ 34

بچوں کا خون شامل ہے، ننھے پھولوں نے عظیم مقصد کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، شہداء کی عظیم قربانیوں کے طفیل دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم کا مثالی اتحاد اور اتفاق سامنے آیا شہید بچوں کی عظیم قربانیوں نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا، سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا، شہید بچے اور اساتذہ پوری قوم کے ہیرو ہیں اور ان کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں، ہم شہدائے اے پی ایس کے خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عظیم شہداء کے خون کا ایک ایک قطرہ اس مٹی پر قرض ہے، قائد اعظم محمد علی جناح کے پاکستان میں دہشت گردی اور انتہا پسندی کی قطعا گنجائش نہیں، برداشت اور میانہ روی پر مبنی معاشرے کے قیام کا عظیم مقصد ضرور حاصل کریں گے۔

شال بقیہ 35

پر دکھ اور غم پوری قوم کے دل میں ہرے ہو جاتے ہیں، دہشت گردوں نے معصوموں کو شہید کرکے پوری قوم کو ناقابل فراموش غم دیا۔انہوں نے کہا کہ ہم نے اس عہد کا اعادہ کرتا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف حاصل کامیابیوں کو کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری مسلح افواج اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کی بڑی تعداد نے قربانیاں دی ہیں، ہم ان سب شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے آمین۔

شال بقیہ 36

فائدہ اور حکومت کو نقصان ہی نقصان ہوگا، تاریخ میں ایسا ہوا ہے کہ تیسری قوتوں نے حالات سے فائدہ اٹھایا لیکن پیپلز پارٹی اس حساسیت کا احساس رکھتی ہے، مستقبل ہوتے اور لانگ مارچ کے لئے ایسی حکمت عملی اپنائیں گے جس سے ملک کو ایسی کسی مشکل صورتحال میں نہ ڈالا جائے اور پھر کہیں ہمیں 12 یا 20 سال جدوجہد کرنا پڑے، عدلیہ بحالی کے حوالے سے غلط نہیں ہے، حقیقت یہ ہے کہ صدر زرداری کو ہماری اپنی پارٹی کے لوگوں نے منایا تھا، میڈیا تک جو بات رپورٹ ہوا تھا وہ دوسری قوتوں کی فیس سیونگ کیلئے رپورٹ ہوا تھا۔

شال بقیہ 37

کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے دوسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی ڈاکٹر علی نواز مینگل، وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر دوست بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان شاہنواز علی، ایڈیشنل سیکرٹری طارق لاسی اور ایڈیشنل سیکرٹری لاء محمد حزل سمیت سینٹ کے تمام اراکین موجود تھے۔گورنر بلوچستان نے جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی اہمیت و افادیت کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ سردست ہمیں نیچرل سائنسز کے مضامین پر زیادہ توجہ مرکوز رکھنی چاہیے۔

شال بقیہ 38

گا جو ملک کی اندرونی و بیرونی پالیسیوں کی ذمہ داری ہوگی، تمام ادارے آئینی حدود میں رہیں گے تو میں لکھ کر دینے کیلئے تیار ہوں کہ پاکستان میں ترقی پائے اور یہاں اسلام کا بول بالا ہو، کوئی شخص کسی دوسرے پر ظلم نہیں کرےگا نواز شریف کا آئین کی بالادستی کی جدوجہد میں پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی ساتھ ہیں وہ یہ ملک ہمیں مقدم ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔

شال بقیہ 39

کی سیاسی مشاورتی کانفرنس کے چیئرمین کے درمیان ویڈیو لنک کے ذریعے رابطہ ہوا چیئرمین سینیٹ کے ساتھ سینیٹرز کے وفد جن میں سینیٹرز سجاد حسین طوری، دلاور خان، مرزا محمد آفریدی، محمد علی خان سیف، مشاہد حسین سید اور نصیب اللہ بازئی نے بھی اس آن لائن میٹنگ میں شرکت کی۔ سیکرٹری سینیٹ محمد قاسم صمد خان بھی شریک ہوئے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، کرونا وباء کے بعد پارلیمانوں کے ابھرتے ہوئے نئے کردار، سی پیک اور بی آر آئی کی سطح پر تعاون اور پارلیمانی اداروں میں تعاون اور وفود کے تبادلوں میں تیزی لانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ چین ہمارا قریبی دوست، شراکت دار اور بھائی ہے، پاکستان اور چین وسیع البنیاد، طویل مدتی دوستی رکھتے ہیں۔

شال بقیہ 40

غلام سرور، آر ایم او جنرل ڈاکٹر حفیظ سیال، وارڈز کے فوکل پرسنز/ آر ایم اوز، فارماسسٹ انچارج مین میڈیسن سٹور اسحاق بھری اور تمام سپروائزرز نے شرکت کی۔ڈاکٹر ارباب کامران کاسی نے فوکل پرسنز کو ہدایت کی کہ اپنے وارڈز کے مسائل جن میں صفائی، ادویات، بجلی کھملے وسکیورٹی کی موجودگی کو فوری حل کیا جائے ہسپتال کے تمام سپروائزر وارڈز کے مسائل کے حل کیلئے فوکل پرسنز سے تعاون کریں تاکہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

شال بقیہ 41

دیگر کھلاڑی اور تحریک جوانان وفتگی کے اراکین جن میں محرم علی بوہیڑ، نادر ابڑو، وزین اکبر کھوسہ دیگر شامل تھے نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء سے تحریک جوانان بلوچستان کے صوبائی ترجمان بابر خان ٹنگ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں لادین قوتوں کی بدولت اسلام کے نام لیوا مشکل حال میں پھنس چکے ہیں ملک کے بنیاد پر معرض وجود میں آیا لیکن اس میں یہودی لابی کا ایجنڈا مسلط ہے دوران پیدل لانگ مارچ ہمیں مختلف طریقوں سے تنگ کرکے ہمارے ساتھیوں کے حوصلے پست کیئے گئے لیکن انہیں منہ کی کھانی پڑی اور ہم ثابت قدم رہے۔

شال بقیہ 42

صحبت پور کا افتتاح اور ڈگری کالج حیردین کا بھی دورہ کیا انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومتوں کے منصوبوں کی تکمیل پر کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے بھر میں تعلیمی منصوبے پر کام کررہی ہے تاکہ تعلیمی انقلاب لایا جاسکے تمام اضلاع میں کالجز کو اپ گریڈ کرنے کے ساتھ ساتھ یونیورسٹیز کے کیمپس کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا اس سے قبل میزبان محفل صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے استقبالی خطاب میں علاقائی اور عوامی مسائل سے بھی آگاہی دی اور بلوچی روایات کے مطابق وزیر اعلیٰ کو بلوچی دستار پہنائی اور قدیم دور کی بندوق بھی تحفے کے طور پر پیش کی کھیرانے میں مختلف سیاسی سماجی قبائلی شخصیات کے علاوہ بلوچستان عوامی پارٹی کے ذمہ داران نے پر وقار طریقے سے استقبال کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے وزیر اعلیٰ کی آمد کے موقع پر سکیورٹی کے بھی سخت انتظامات کیئے گئے تھے۔

شال بقیہ 43

کے افراتفری اور کرونا پھیلاؤ ایجنڈے سے خود کو الگ رکھ کر عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا، ناکام جلسوں کے بعد زندہ دلان لاہور نے اپوزیشن کی ناکام سیاست پر مہر لگادی۔محترمہ ڈاکٹر مندوخیل نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم کو مسلسل ناکام جلسوں کی سیریل پر اب منفی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر کے پی ٹی آئی کی حکومت کو 5 سال کا مینڈیٹ پورا کرنے کا موقع فراہم کرے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے بیانیے کو پاکستان کی عوام نے مسترد کردیا ہے جس کی مثال ان کے پے در پے ناکام جلسے ہیں۔

شال بقیہ 44

میں لسبیلہ کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سانحہ اے پی ایس کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن (ر) عارف احمد، اے ایس پی، ایس ڈی پی او سرکل اوتھل کیپٹن (ر) صدام حسین خاکیلی سمیت قبائلی عمائدین اور دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا کہ آج سے چھ سال قبل آرمی پبلک اسکول پشاور میں دہشتگردوں نے خون کی ہولی کھیلتے ہوئے معصوم طلبہ سمیت 140 افراد کو شہید کردیا جس نے پوری قوم کو ہلا کر رکھ دیا اور ہر طرف فضاء سوگوار تھی جس کے اثرات آج تک پوری قوم پر نمایاں نظر آتے ہیں اور یہ زخم آج بھی تازہ ہے سانحہ اے پی ایس کو ہم کبھی بھول نہیں سکتے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ سلام ان معصوم شہدا کو جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور ان شہدا کے لواحقین کو جن کے بچے صبح اسکول گئے لیکن واپس گھروں کو نہ آسکے سلام ان اساتذہ کو جنہوں نے بچوں کو بچانے کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں۔

شال بقیہ 45

جنرل سٹور اور ایک ملک شاپ پر جرمانے عائد جبکہ متعدد کھانے پینے کے مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کر دیئے، پی ایف اے معائنہ ٹیموں نے کارروائی شالدرہ، مسجد روڈ اور پرنس روڈ کے علاقوں میں کی۔مذکورہ اشیاء خورونوش کے مراکز میں کھانوں کی پکوائی کے عمل، غذائی اجزاء کے معیار اور صفائی کے انتظامات چیک کیے گئے، جرمانہ کیے گئے ہوٹلوں کے خلاف گزشتہ ہدایات کے باوجود چائنیز نمک ملے مصالحہ جات و نان فوڈ گریڈ کلرز کے استعمال اور صفائی کی ناقص صورتحال پر کارروائی کی گئی، بیکنگ یونٹ کو بیکنگ ایریا میں گندگی، ورکرز کی ذاتی صفائی ماسک ہیڈ کورز و دستانے نہ ہونے جبکہ جنرل سٹور کو ممنوعہ چائنیز نمک اور گٹکا پان پراگ کی فروخت پر جرمانہ کیا گیا۔

شال بقیہ 46

کے اوپر 11 اوٹس کی تاریں بہت قریب ہے، اور کسی بھی وقت کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہو سکتا ہے۔اس بارے میں انہوں نے متعلقہ محکمے کو کئی بار درخواست دی کہ تاریں ہٹادیں مگر شنوائی نہ ہوسکی۔

شال بقیہ 47

مکاتب فکر کے علماء کرام کے علاوہ اسکولوں کے اساتذہ کرام بھی تقریب میں موجود تھے تقریب سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ اے پی ایس کے معصوم بچوں نے اپنے لہو سے محفوظ اور پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی اس عظیم قربانیوں کے طفیل قوم کا مثالی اتحاد اور اتفاق سامنے آیا شہید بچوں کی عظیم قربانیوں نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا جس کے باعث سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا آج کے دن شہید بچوں، اساتذہ اور ان کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ شہید کا خون اور قربانی کبھی ضائع نہیں جاتی بلکہ یہ کبھی نہ کبھی رنگ ضرور لاتی ہے۔

شال بقیہ 48

خوانی کی۔اس موقع پر کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ سمیت علاقے کے عمائدین بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 49

امان وامان کی بحالی میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں جس سے جرائم کی مجموعی شرح میں کمی، لوگوں کی جان و مال کی حفاظت اور انصاف کے حصول میں لوگوں کا اس فورس پر اعتماد اس فورس کے مورال کو بڑھانے میں کلیدی اہمیت کا حامل رہا ہے جو کہ قابل ستائش اور قابل تقلید ہے۔

شال بقیہ 50

پاکستان کی بنیادوں میں بچوں کا خون شامل ہے ننھے پھولوں نے عظیم مقصد کے لئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بچوں کی عظیم قربانیاں نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا اور سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا شہید بچے اور اساتذہ قوم کے ہیرو ہیں اور انکے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم آج آرمی پبلک اسکول پشاور کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کررہی ہیں ہمیں آج اسی اتحاد کو برقرار رکھنے کے عزم کی تجدید کرتا ہے جس کی خاطر معصوم بچوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔

شال بقیہ 51

جبکہ احمد سلطان کی خدمات ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے سپرد کردی گئی ہیں۔

شال بقیہ 52

میدان عمل میں نکلی ہے جس سے حواس باختہ ہوکر جعلی حکمران اور انکا نااہل ٹولہ قیادت کے خلاف نازیبا زبان استعمال کررہا ہے 21 دسمبر کو کوئٹہ احتجاج میں بھرپور شرکت کو یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے باچاخان مرکز میں سانحہ آرمی پبلک سکول پشاور کی چھٹی برسی اور کوئٹہ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے ضلعی صدور سیکرٹریز کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔

شال بقیہ 53

تعلق رکھنے والے علمائے نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا کہ آرمی پبلک سکول کے سانحہ شہداء کو ہم نہیں بھولے ہیں (Aps) کے بچے اساتذہ کرام سیکورٹی فورسز کے شہدا آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں دہشت گردوں کے خلاف پوری قوم کو متحد اور یکجا کر دیا۔

شال بقیہ 54

میٹی گئی جس میں جمعیت علمائے اسلام کے رہنماء ڈاکٹر یعقوب بلوچ، ڈاکٹر ظہیر احمد لانگو ڈاکٹر صالح سالاری پی پی آئی کے رہنماء حفیظ رند، بی این پی مینگل کے رہنماء سلام دانش، کبیر مینگل، ظفر مینگل، نیشنل پارٹی کے رہنماء سفر خان نیچاری فضل الرحمان محمد حسنی، پیپلز پارٹی کے رہنماء سلیم مینگل، اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کی پامالی صرف خضدار کے نوجوانوں کے ساتھ نہیں ہورہا ہے بلکہ پورے صوبے میں اور ضلع قلات میں بھی میرٹ کی پامالی کرتے ہوئے من پسند اور سیاسی بنیادوں پر تقرریاں کی جارہی ہے حالیہ دنوں ضلع قلات میں نان ٹیچنگ اسٹاف کے خالی آسامیوں پر میرٹ کے برخلاف من پسند اور سیاسی وسفارشی اشخاص کی بھرتیاں کی گئی ہے جس کے خلاف تمام حلقے سراپا احتجاج ہے۔

شال بقیہ 55

کلب ہال میں صحافیوں کے ساتھ تفصیلی غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اور ملک کا چوتھا ستون ہے صحافیوں کے معاشرے میں اہم کردار ہے صحافت حق اور سچ کے ساتھ مثبت انداز میں اگر اپنی قلم کو استعمال کرے تو معاشرے میں بہت بڑی تبدیلی لاسکتے ہیں انکا مزید کہنا تھا انتظامیہ صحافیوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریگا اور ہماری کوشش ہوگی ہم اور آپ ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں رہے اور اپنا تعاون جاری رکھیں انکا مزید کہنا تھا ولعمدین پریس کلب کے جو بھی بنیادی مسائل ہے انھیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کیا جائے گا اس وقت پریس کلب بلڈنگ کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہیں۔

شال بقیہ 56

ملک اسداللہ ہنگورنی، فنانس سیکرٹری وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ، میڈیا کوآرڈینیٹر صفیر کھوسہ منتخب ہوئے اسموقع پہ اجلاس کے شرکاء سے خطاب میں نو منتخب صدر وڈیرہ علی احمد رند نے کہا کہ زمینداروں کے مسائل اور انکے حقوق کیلئے جدوجہد تیز کی جائیگی ماضی میں زمینداروں کے ساتھ کسی قسم کا کوئی تعاون حکومتی اداروں کی جانب سے دیکھنے کو نہیں مل رہا تھا اب آئندہ مقامی زمینداروں کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کی جائیگی اور زمینداروں کے حقوق کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائیگا۔

شال بقیہ 57

کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بچوں نے اپنے قیمتی لہو سے محفوظ اور پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی محفوظ اور پرامن پاکستان کی بنیادوں میں بچوں کا خون شامل ہے ننھے پھولوں نے عظیم مقصد کے لئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بچوں کی عظیم قربانی نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا اور سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا شہید بچے اور اساتذہ قوم کے ہیرو ہیں اور انکے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم آج آرمی پبلک اسکول پشاور کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کررہی ہیں ہمیں آج اسی اتحاد کو برقرار رکھنے کے عزم کی تجدید کرتا ہے جس کی خاطر معصوم بچوں نے اپنی جانیں قربان کی ہیں۔

شال بقیہ 58

ناظم کشمور سردار سلیم جان مزاری کی جانب سے نیب ریفرنس میں ضمانت میں توسیع کے حوالے سے درخواست کی سماعت کی سماعت کے دوران درخواست گذاروں کے وکلاء کی جانب سے دلائل کے بعد ایم پی اے عبدالرؤف کھوسو اور سابق ضلع ناظم کشمور سردار سلیم جان مزاری کی عبوری ضمانت میں 2 فروری تک توسیع کردی واضح رہے کہ دونوں رہنماؤں پر کندھکوٹ اور کشمور میں سرکاری زمینوں میں جعلسازی کرکے قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچانے کے الزام میں قومی احتساب بیورو نے نیب عدالت میں ریفرنس دائر کررکھا ہے۔

شال بقیہ 59

گروہ اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیوں میں جب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تاریخی کمی ہوئی اس وقت حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ وافر اسٹاک خرید لیتی تاہم ایسا کرنے کی بجائے حکومت نے پیٹرولیم کمپنیوں کو نوازنے کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی خریداری نہیں کی اور مصنوعی قلت پیدا کی گئی جس سے عوام کو لمبی لمبی قطاروں میں لگ کر ایندھن خریدنا پڑا آج تک اس عمل پر کارروائی نہیں کی گئی انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی پر بوجھ بڑھے گا حکومت پیٹرولیم لیوی کی مد میں کئی گنا زیادہ ٹیکس وصول کررہی ہے۔

شال بقیہ 60

سے استقبال اور اظہار یکجہتی پر ان کا شکر گزار ہیں خضدار سے سکھر پہنچ گئے ہیں مگر ابھی تک کوئی حکومتی مذاکرات نہیں کیے گئے ہیں جو حکمرانوں کی بے حسی اور عوام کے مسائل سے لاتعلقی ہے۔

شال بقیہ 61

موجودہ ملازمین کو حکومت سے فیصلہ واپس نہ لینے کی صورت میں ملک گیر احتجاج پہیہ جام ہڑتال کی دھمکی تفصیلات کے مطابق ملک کی اہم ترین ریلوے لوکوشیڈ ورکشاپ کے گزشتہ عرصہ کے دوران ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں پریم یونین کی جانب سے ورکشاپ کی کینٹین ہال میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

شال بقیہ 62

عظیم الشان احتجاجی جلسہ عام کو ملکی سطح پر بہترین کوریج کرنے کا اہم پلان تیار کیا گیا اجلاس میں یونٹوں کی دوروں کی کوریج اور 21 دسمبر کے احتجاجی جلسے عام کے لیے مولانا محمد طاہر توحیدی کی سرپرستی میں خصوصی میڈیا ذیلی کمیٹی قائم کیا گیا اجلاس سے جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی ترجمان حافظ عبدالغنی شہزاد معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا مفتی احسان الحق عبدالقدیم برڑیچ سید اسد اللہ کلیم اللہ ناصر حافظ محمود اللہ عبدالخالق ڈاکٹر عمران اللہ کاکڑ ظہور احمد کاکڑ نور حسن محمد عابد و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام مخلصین کا جمعیت ہے اور جماعت میں ڈسپلن انتہائی ضروری ہے۔

شال بقیہ 63

حسین خاکیلی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوتھل میں سماجی برائیوں کے خاتمے کیلئے پولیس کوشاں ہے، شہر میں منشیات، جوا اور دیگر سماجی برائیوں کو جڑ سے اکھاڑنے اور جرائم پیشہ افراد کا قلع قمع کرنے کیلئے پولیس اپنی پوری قوت استعمال کرے گی۔

شال بقیہ 64

طلبہ لورالائی کے کارکنان نے ختم نبوت چوک پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے موم بتیاں روشن کیں۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ناظم اسلامی جمعیت طلبہ لورالائی محمد طاہر ایک نے کہا کہ سولہ دسمبر پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے سولہ دسمبر کو پاکستان دشمنوں نے ملک کو دولخت کیا اور مشرقی پاکستان میں نظریہ پاکستان کی دھجیاں اڑادی گئیں۔

شال بقیہ 65

سکتا۔مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق موجودہ لمحے میں اسرائیلی ریاست کی جارحیت اور مظالم کے باوجود فلسطینیوں کیدرمیان مصالحت ہماری پہلی ترجیح ہے۔مگر فلسطینی اتھارٹی کو فلسطینی قوتوں کے درمیان مفاہمت اور اسرائیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ڈاکٹر ازحمار نے کہا کہ ہم اپنی قوم اور وطن کے دفاع، مستقبل اور آزادی کے لیے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 66

آفیسر ریجنل ڈیزیز سرویلنس اینڈ رسپانس یونٹ ڈاکٹر ماجد سلیم ہسپتال ڈائریکٹر ڈی ایچ کیو (ایم ٹی آئی) ڈاکٹر فرخ جمیل، میڈیکل ڈائریکٹر ڈی ایچ کیو ہسپتال (ایم ٹی آئی) ڈاکٹر نسیم صباء، ہسپتال ڈائریکٹر مفتی محمود میموریل ہسپتال ڈاکٹر عمر شاہ نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر ٹانک کبیر آفریدی، ڈپٹی کمشنر ساؤتھ وزیرستان خالد اقبال، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز ٹانک، جنوبی وزیرستان اور محکمہ صحت کے افسران نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بریفنگ دیتے ہوئے ٹیکنیکل سپورٹ آفیسر ڈاکٹر ماجد سلیم نے بتایا کہ ڈویژن بھر میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی تعداد 1159 ہے، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں 769، ضلع ٹانک میں 182 جبکہ قبائلی ضلع جنوبی وزیرستان میں 214 ہے۔کورونا وائرس سے ابتک 946 مریض صحتیاب ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 67

پریس ریلیز میں اعلان کیا کہ منظوری کووڈ 19 کی ٹیسٹنگ میں ایک اہم سنگ میل ہے۔اور دی کاؤنٹر ٹیسٹنگ سے مراد یہ ہے کہ اس ٹیسٹ کے ذریعے ڈاکٹر کے نسخے کے بغیر یا کسی لیب سے ٹیسٹ کرانے کے بجائے گھر بیٹھے ٹیسٹ کیا جاسکے گا۔

شال بقیہ 68

دیتے ہوئے ریفر کر دیا جائے گا۔جن افراد نے اپنے مریضوں کے کیسز کو جمع نہیں کروایا ہے کو ہدایات دی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے کیسز کو ضروری قانونی دستاویزات کے ہمراہ جمع کروائیں تا کہ ان پر بروقت اقدامات اٹھاتے ہوئے کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

شال بقیہ 69

کی قیمتوں میں مزید 2 روپے اضافہ ہوگیا انڈے کی قیمتوں میں 2 روپے اضافے کے بعد تاریخ میں پہلی مرتبہ فی انڈے کی قیمت 20 روپے ہوگئی انڈوں کی ایک درجن 240 کا ہوگیا۔شہریوں نے قیمتوں کو تاریخی مہنگائی قرار دے دیا پولٹری فارم مالکان نے انڈوں کی قیمتوں میں اضافی انڈوں کی قلت کو قرار دے دی۔ پولٹری مالکان نے کہا کہ موسم سرما میں انڈوں کی قیمتوں میں مزید اضافے کا امکان ہے۔

شال بقیہ 70

چھٹی برسی پر اپنے پیغام میں صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ دہشت گرد کبھی بھی اس جرأت مند قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔آرمی پبلک سکول کے معصوم شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

REQUEST FOR BIDS (RFB) - GOODS

(One-Envelope Bidding Process)

Country: Islamic Republic of Pakistan
Contract Title: Procurement of Goods for Establishment of Hydro-met Network (Phase-I), Package 1 of 2, Lot – 1: Design, Supply and Installation of 9 No. Automatic Weather Stations, Lot-2: Design, Supply and Installation of 2 No. Stream Flow Gauging Stations.
Loan No./Credit No./Grant No.: IDA 58850
RFB Reference No.: PK-PMU-BIWRMDP-135510-GO-RFB

The Government of Pakistan has received credit financing from the World Bank toward the cost of Balochistan Integrated Water Resources Management and Development Project and intends to apply part of the proceeds to make eligible payments under the contract for procurement of Goods for Establishment of Hydro-met Network (Phase-1).The Project Director, Balochistan Integrated Water Resources Management and Development Project now invites sealed Bids from eligible Bidders for supply of following goods and related services included as Lot-1 & Lot-2 of Package 1 of 2:

Scope of Supply	Quantity
Lot-1: Design, supply, installation, testing, commissioning of Automatic Weather Stations (AWS) complete in all respect, including supply of mandatory spares and tools & accessories for testing & measurement. The scope shall also include training of equipment to the Purchaser's staff.	9 No. AWS
Lot-2 : Design, supply, installation, testing, commissioning of stream flow gauging stations (SFG) complete in all respect, including supply of mandatory spares and tools & accessories for testing & measurement. The scope shall also include training of equipment to the Purchaser's staff.	2 No. SFG
A Data Centre shall be established at Quetta under a separate contract (Package 2 of 2) of Phase-I. Accordingly the intended equipment for Lot 1 & Lot-2 shall be synchronized with Data Centre through SaaS applications for data collection and management.	

Irrigation Department Construction Of Nimmi Perennial Irrigation Scheme Government of Balochistan Bidding Document ACE-CAMEOS (JV) in association with KASIB Associates Bidders are allowed to bid complete quantities of one or both lots. Evaluation and award shall be on the basis of lots. Bidding will be conducted through international competitive procurement using International Competitive Bidding (ICB) procedures defined in the World Bank's Guidelines: Procurement of Goods, Works and Non-consulting Services under IBRD Loans and IDA Credits and Grants by World Bank Borrowers dated January 2011 revised July 2014 ("Procurement Guidelines") and open to all eligible Bidders as defined in the Procurement Guidelines. Interested/eligible Bidders may obtain further information from Office of the Project Director, Balochistan Integrated Water Resources Management and Development Project (BIWRMDP) at the address given below.The Bidding Documents in English can be acquired from the office of Project Director BIWRMDP at the address given below. A soft copy can be requested by sending an email at the address given below. No fee will be charged for Bidding Document sent in soft. The hard copies will be charged at Rs.3000 per set deposited through green challan in head of account C-03434.Bids must be delivered at the address below on or before 12:00 hours on **4th February 2021.** Electronic Bidding will not be permitted. Late Bids will be rejected. Bids will be publicly opened in the presence of the Bidders' designated representatives or any one who chooses to attend at 12:30 pm on the same day at the address given below.Due to Covid-19 outbreaks, physical pre-bid conference will not be held. Project will however organize a virtual session on **11th January 2021** at 12.00 noon where a detailed presentation will be given for helping bidders to submit a bid free of errors and to respond queries. Additionally, any questions/queries may be delivered to the postal and email address given below in writing at least 10 days before the deadline for submission of bids. All bids may be accompanied by a "Bid Security" in the form of an unconditional Bank Guarantee or CDR issued by a Schedule Bank of Pakistan in an amount of 2% of the Bid Value. This should remain valid 28 days beyond bid validity period. The address referred to above is:Office of Project Director, Balochistan Integrated Water Resources Management & Development Project 116/40-A, Jinnah Town, Samungli Road Quetta. Attn: The Project Director .Tel: 081-2870705 .Fax: 081-2870704 .E-mail: bssip@yahoo.com. Web site: biwrmdp.org.pk.

AB No.255/16.12.2020

Project Director
BIWRMDP

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Development Officer Local Government Department, Mach invited sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2018, GOB, from interested contractors / firms for the works listed below Bid Security 5% (in the head of account) and Time Limit is up to 30 June 2021. Earnest Money 5%, Tender fee document cost Rs.1000/-.

S.#	Name of Scheme	E/Cost
1.	construction Of Pcc Streets In Various Streets Of Mithri. psdp No. 2316 (2020-21) **TS179659E**	10.00

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules 2014. **Eligibility of Bidders:** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category(C-06) and above and registration with tax authorities i.e. (NTN and Sales Tax Department and BRA). Relevant Work Experience. Turn over of Last Three years. **Method of procurement:** Single stage – One envelope procedure. **Bid Security:** The bid must accompany bid security in the form of call deposit of amount specified above in thSe name of undersigned from a scheduled bank. Bid Validity is 90 days. **Issuance of Tender Documents:** Documents will be issued from the date of publication till submission of presentation of requisite documents during office time and may also be uploaded from BPPRA official website. **Deadline of Submission:** Last date of Submission will be **01/01 2021** at (9:00 am). **Opening:** The tender document will be opened on **01/01/2021** at (10:00 am) (bid shall be opened within One hour of the deadline for submission of bids) before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives / agents in the office of Assistant Director Local Government District Mastung. **Place of Issuance, submission, Inquiries and opening will be:-Address:** Office of the Development officer Local Government Department Mastung.03327886891 Email Address: qazi.shoran@gmail.com. **Terms and conditions:** Other terms and conditions are attached with tender documents.

PRO No.1456/16.12.2020

Development Officer
Local Government & Rural Development
Mach

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سرکاری آفیسران اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دیں، سردار بابر موسیٰ خیل

غفلت لاپرواہی برتنے والے ٹھیکیداروں اور کنسٹرکشن کمپنیوں کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

ترقیاتی کاموں کے وزٹ کے دوران مٹریل بلڈنگ، صفائی ستھرائی اور ریکارڈ کی تکمیل کو چیک کیا جائے، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی

شیرانی (خ ن) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل کی زیر صدارت سرکٹ ہاؤس ہال میں ضلعی آفیسران کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا کہ اپنے فرائض ایمانداری اور خلوص نیت سے سرانجام دیں، دفتر میں آنے والے لوگوں سے آپ کا رویہ انتہائی اچھا ہونا چاہیے، لوگوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں، آفس اور فیلڈ میں آنیوالے درخواست گزاروں کے مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کئے جائیں، صرف اور صرف میرٹ پر فیصلہ سازی کریں، ضلعی آفیسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے وزٹ کے دوران مٹریل بلڈنگ، صفائی ستھرائی اور ریکارڈ کی تکمیل کو چیک کیا جائے اور غفلت لاپرواہی برتنے والے ٹھیکیداروں اور کنسٹرکشن کمپنیوں کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اے پی ایس کے معصوم بچوں نے اپنے لہو سے محفوظ اور پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

دنیا کا ہر مذہب ہمیں امن، سلامتی اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے

اسلام سمیت دنیا کا کوئی بھی مذہب ناحق خون کی اجازت نہیں دیتا، مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر ریٹائرڈ اورنگزیب بادینی نے سانحہ آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہداء کی چھٹی برسی کے موقع پر بلوچستان بوائز اسکاؤٹس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے کہ قوم اے پی ایس کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ثاقب خان کاکڑ، ایس پی پولیس کوئٹہ نعیم اچکزئی، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی سیدہ ندا کاظمی، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ یاسر اقبال، مختلف بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

وفاقی محتسب کا زبردست اقدام۔ 11KV کی تاریں گھر کے اوپر سے ہٹا دی گئی شہریوں نے سکھ کا سانس لیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کا زبردست اقدام۔ 11KV کی تاریں گھر کے اوپر سے ہٹا دی گئی شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ تفصیلات کے مطابق حاجی لالا خان بازیزئی ٹیکم کے مکین ممتاز حسین نے درخواست دی کہ ان کے گھر بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

جدید تحقیق پر مبنی علم و دانش کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

جدید تحقیق نہ صرف اعلیٰ تعلیمی اداروں کا بنیادی فریضہ ہے بلکہ معیاری تحقیق سے پورے نظام تعلیم اور نصاب تعلیم کی بنیادیں بھی مستحکم ہو سکتی ہیں

سردست ہمیں نیچرل سائنسز کے مضامین پر زیادہ توجہ مرکوز رکھنی چاہیے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ صوبے کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں جدید تحقیق پر مبنی علم و دانش کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ جدید تحقیق نہ صرف اعلیٰ تعلیمی اداروں کا بنیادی فریضہ ہے بلکہ معیاری تحقیق سے پورے نظام تعلیم اور نصاب تعلیم کی بنیادیں بھی مستحکم ہو سکتی ہیں۔ لہذا ضروری ہے کہ اکیڈمیہ اور مارکیٹ کے درمیان اپنی سماجی ضروریات کے مطابق اشتراک پیدا کرنے کیلئے اپنے حصہ کا کردار ادا بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالصبور کاکڑ گورنمنٹ کے پی ڈی ڈبلیو پی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہید بچوں کی عظیم قربانیاں نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا، قادر بخش جاموٹ

اوتھل (خ ن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما سابق ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین لسبیلہ قادر بخش جاموٹ نے کہا کہ 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا قوم آرمی پبلک اسکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بچوں نے اپنے لہو سے محفوظ اور پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی محفوظ اور پرامن بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

عوام کو ان کے دہلیز پر سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ممتاز علی کھیتران

تمام محکموں ہیڈز ہمہ وقت اسٹیشن میں موجود رہیں عوام کے حل طلب مسائل کو نمٹانے میں اپنا کردار ادا کریں

کوہلو (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کوہلو ممتاز علی کھیتران کے زیر صدارت آل ہیڈز آف ڈیپارٹمنٹ کا میٹنگ ہوا جس میں ضلع کے تمام محکموں کے ہیڈز نے شرکت کیا اور محکموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو ممتاز علی کھیتران نے تمام محکموں کے ہیڈز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ان کے دہلیز پر سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے تمام محکموں ہیڈز ہمہ وقت اسٹیشن میں موجود رہیں عوام کے حل طلب مسائل کو نمٹانے میں اپنا کردار ادا کریں بنیادی ضروریات کے حوالے سے صحت تعلیم بجلی اور پانی کی کمی کی مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کرنے اقدامات کر رہے ہیں۔

بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے۔ آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق فرحان زاہد کو ایس پی گوادر، ایس ایس پی گوادر خالد مصطفیٰ خورانی کو ایس ایس پی انٹیلیجنس سی ٹی ڈی کوئٹہ، ذوالفقار حمید کو ڈی آئی جی ٹیلی کمیونیکیشن بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ نے پیپلز پارٹی رہنماؤں روف کھوسو اور سردار سلیم جان مزاری کی ضمانت میں توسیع کردی

روجھان (نامہ نگار) سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ نے پیپلز پارٹی رہنماؤں روف کھوسو اور سردار سلیم جان مزاری کی ضمانت میں توسیع کردی سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس نعیم احمد صدیقی اور جسٹس خادم حسین تنیو پر مشتمل ڈبل بینچ نے پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی عبدالرؤف کھوسو اور سابق ضلع بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

حکومت نے بلاجواز قیمتیں بڑھا کر عوام کی قوت خرید ختم کرنا چاہتی ہے، جمال شاہ کاکڑ

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی پر بوجھ بڑھے گا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافے کے فیصلے کو عوام دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے بلاجواز قیمتیں بڑھا کر عوام کی قوت خرید ختم کرنا چاہتی ہے پوری دنیا میں تیل سستا ہونے پر حکومت نے خریدی نہیں کی اب مہنگے داموں پیٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت جاری ہے، مہنگائی کی شرح بڑھنے سے جرائم بڑھنے کا خدشہ ہے حکومت فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا فیصلہ واپس لیا اور بلاجواز ٹیکس ختم کرے، یہ بات انہوں نے یہاں جاری بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

طبی عملے کی ڈیوٹی سے غیر حاضری اور غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، کامران کاسی

صوبائی حکومت کے وژن کے مطابق ہسپتال میں مریضوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ارباب کامران کاسی نے کہا ہے کہ طبی عملے کی ڈیوٹی سے غیر حاضری اور غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی حکومت کے وژن کے مطابق ہسپتال میں مریضوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو سول ہسپتال کے تمام وارڈز کے نامزد فوکل پرسنز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈی ایم ایس ایڈمن ڈاکٹر جاوید اختر، ڈی ایم ایس جنرل ڈاکٹر مجیب قمبرانی، اے ایم ایس ڈاکٹر بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

ملک میں لادین قوتوں کی بدولت اسلام کے نام لیوا مشکل جال میں پھنس چکے ہیں، بابر خان ٹجک

ملک کلمے کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا لیکن اس میں یہودی لابی کا ایجنڈا مسلط ہے، تحریک جوانان بلوچستان

بولان (این این آئی) نگہبان کلب کے آنر قاضی عبید اللہ نے کلب کی جانب سے تحفظ ناموس رسالت ﷺ کیلئے ڈھاڈر سے اسلام آباد پیدل لانگ مارچ کرنے والے ٹی جے پی کے صوبائی ترجمان مرد مجاہد غازی بابر خان ٹجک، بابو عمرانی، مجیب بلوچ اور دیگر قافلے میں شریک ساتھیوں کے اعزاز میں ٹی پارٹی کا انعقاد کیا گیا جس میں نگہبان کرکٹ کلب کے کپتان محمد عارف لہنگڑی سمیت بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

سانحہ آرمی پبلک اسکول پشاور نے پوری قوم کو ہلا کر رکھ دیا، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

یہ زخم آج بھی تازہ ہے سانحہ اے پی ایس کو ہم کبھی بھول نہیں سکتے، ڈاکٹر حسن وقار چیمہ

اوتھل (نامہ نگار) سانحہ اے پی ایس کی یاد میں لسبیلہ کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے لسبیلہ یونیورسٹی اوتھل کے آڈیٹوریم ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں افسران اور قبائلی عمائدین اور صحافیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب میں سانحہ اے پی ایس میں شہید ہونے والے طلباء اور اساتذہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر اینڈ میرین سائنسز اوتھل کے آڈیٹوریم ہال بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کا مختلف ہوٹلوں کیخلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، غیر معیاری خوراک کی فراہمی اور عوام کی جانب سے شکایات موصول ہونے پر معروف فوڈ پوائنٹ جان بروسٹ جبکہ دو ہوٹلوں، ایک ویکنگ یونٹ، ایک بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

لیویز فورس نے امن وامان کی بحالی میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں، مجیب الرحمن قمبرانی

لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان مجیب الرحمن قمبرانی سے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ یو این او ڈی سی کے وفد نے پاکستان میں نمائندہ جیری ملسن کی سربراہی میں ملاقات کی، وفد نے صوبے میں لیویز فورس کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ لیویز فورس نے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

آئندہ برس 50 لاکھ افغان شہریوں کو مدد درکار ہوگی، اقوام متحدہ

جنگ وجدل، پرتشدد حملوں میں اضافے کے ساتھ کورونا وبا کے تناظر میں بھی ایسے افراد کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا، بیان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ آئندہ برس پانچ ملین مزید افغان شہریوں کو مدد درکار ہوگی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اس ادارے کے ایک سینیٹر رکن نے بتایا کہ جنگ وجدل، پرتشدد حملوں میں اضافے کے ساتھ کورونا کی وبا کے تناظر میں ایسے افراد کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

کوئٹہ: پاکستان یوتھ پیس موومنٹ اقلیتی ونگ کی صوبائی صدر جیولٹ سانحہ اے پی ایس کی یاد میں شمعیں روشن کر رہی ہیں

16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا، جلال خان لاشاری

قوم آرمی پبلک اسکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی

جھل مگسی (نامہ نگار) 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا قوم آرمی پبلک اسکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی ضلعی رہنماء بلوچستان عوامی پارٹی ضلع جھل مگسی کے ضلعی صدر چیف سردار جلال خان لاشاری اور ضلعی جنرل سیکرٹری میر محمد اسلم خان مگسی نے مشترکہ اپنے بیان میں کہا ہے کہ 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا قوم آرمی پبلک اسکول بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

لیویز بھرتیوں کے خلاف سمیع نوتانی کی قیادت میں لانگ مارچ منگچر پہنچ گئے

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے رہنماں نے ہار پہنا کر استقبال کیا اور اظہار یکجہتی بھی کیا

خضدار (آن لائن) خضدار میں لیویز بھرتیوں کے خلاف سمیع نوتانی کی قیادت میں لانگ مارچ منگچر پہنچ گئے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے رہنماں نے ہار پہنا کر استقبال کیا اور اظہار یکجہتی بھی کیا میرٹ کی پامالی نوجوانوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے اپنے حقوق کے لیے اس سخت سردی میں کوئٹہ تک لانگ مارچ کر رہے ہیں سوراب، قلات اور منگچر میں سیاسی، سماجی اور قبائلی حلقوں کی جانب بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے پی ٹی آئی کے صوبائی رہنماء شوکت بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان حکومت صوبے بھر میں تعلیمی منصوبے پر کام کر رہی ہے، میر سلیم خان کھوسہ

تمام اضلاع میں کالجز کو اپ گریڈ کرنے کے ساتھ ساتھ یونیورسٹیز کے کیمپس کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا

صحبت پور (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے صحبت پور میں صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے موقع پر عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان بھر میں اجتماعی اور عوامی منصوبوں پر بلاتفریق ترقیاتی کام کر رہی ہے اس موقع پر انہوں نے صحبت پور کو کشور میگا پروجیکٹ ڈسٹرکٹ کمپلیکس بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

زندہ دلان لاہور نے پی ڈی ایم کی منفی سیاست کو مسترد کر دیا، محترمہ ذلیخہ مندوخیل

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف خواتین ونگ نارتھ ویسٹ ریجن بلوچستان کی صدر محترمہ ذلیخہ مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ زندہ دلان لاہور نے نے پی ڈی ایم کی منفی سیاست کو مسترد کر دیا شکست خوردہ عناصر بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

منگچر گردونواح میں موسم سرد ہونے سے نظام زندگی مفلوج ہو گئے

رہی سہی کسر گیس کی بندش اور بجلی کی لوڈشیڈنگ نے پوری کر دی غریب عوام در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہے

منگچر (نامہ نگار) منگچر گردونواح میں موسم سرد ہونے سے نظام زندگی مفلوج ہو گئے شدید سردی کی لہر تین دن سے جاری ہونے سے عوام شدید متاثر ہو گئے رہی سہی کسر گیس کی بندش اور بجلی کی لوڈشیڈنگ نے پوری کر دی غریب عوام در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہے ایل پی جی گیس کی مانگ میں ریکارڈ اضافہ اور سوختنی لکڑیوں پر پابندی کی وجہ سے شدید سردی میں لوگ متاثر ہے گیس کی بندش اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ رنگ سے بالاتر ہے عوامی نمائندوں کو سہولیات ہیں ان کو کیا خبر غریب عوام کی عوامی حلقوں نے اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان شدید سردیوں میں ہم پر رحم کھاتے اور بجلی گیس بحال کیا جائے۔ منگچر گردونواح میں موسم سرد ہونے سے نظام زندگی مفلوج ہو گئے شدید سردی کی لہر تین دن سے جاری ہونے سے عوام شدید متاثر ہو گئے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا درمحمد لہڑی کے انتقال پر تعزیت

نصیر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان تحصیل تمبو خلو آباد گئے جہاں انہوں نے سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی اور صوبائی مشیر لیبر اینڈ مین پاور حاجی محمد خان لہڑی کے چچا، حاجی عبدالواحد لہڑی اور ظہور احمد لہڑی کے والد الحاج درمحمد لہڑی کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب اور بلند درجات کیلئے فاتحہ بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

جمہوری قوتیں آپس میں بات چیت کر کے حل نکال سکتی ہیں، بلاول بھٹو

بحرانوں کا واحد حل یہ ہے عمران خان 31 جنوری تک مستعفی ہو جائے وگرنہ پھر دما دم مست قلندر ہوگا

عدلیہ بحالی کے حوالے سے غلط فہمی ہے، جو کچھ رپورٹ ہوا وہ دوسری قوتوں کی فیس سیونگ کیلئے رپورٹ ہوا تھا، چیئرمین پیپلز پارٹی کی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ یہ واضح ہے کہ اگر ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی، عمران خان اور ان کے سہولت کاروں کو نکالنے کیلئے سندھ حکومت اور قومی اسمبلی کی نشستوں سے قربانی دینا پڑی تو دریغ نہیں کریں گے اس وقت پی ڈی ایم موجودہ حالات میں کسی سے بات چیت کے لئے تیار نہیں البتہ عمران خان مستعفی ہو جائیں تو اس کا راستہ نکل سکتا ہے اور جمہوری قوتیں آپس میں بات چیت کر کے طریقہ کار اور حل نکال سکتی ہیں، موجودہ بحرانوں کا واحد حل یہ ہے کہ عمران خان 31 جنوری تک خود کو مستعفی ہو جائے وگرنہ پھر دما دم مست قلندر ہوگا اور اس کا اپوزیشن کو بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط کو (یو این او ڈی سی) کی کنٹری ہیڈ جونا ڈاعمونا تحفہ پیش کر رہی ہیں

آرمی پبلک سکول کے سانحہ شہداء کو ہم نہیں بھولے ہیں، ڈاکٹر یاسر خان بازئی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی صدارت میں علماء مشائخ کانفرنس بسلسلہ 16 دسمبر یوم شہداء آرمی پبلک سکول پشاور کے حوالے سے منعقد ہوئی اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر اسماعیل مینگل، اے ایس پی زاہد ارسلان، ایس ایچ او سٹی آصف تجک اور تمام مسالک کے بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

میرٹ کی پامالی نوجوانوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے، ڈاکٹر یعقوب بلوچ

اپنے حقوق کے لیے اس سخت سردی میں کوئٹہ تک لانگ مارچ کر رہے ہیں

منگچر (نامہ نگار) میرٹ کی پامالی نوجوانوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے اپنے حقوق کے لیے اس سخت سردی میں کوئٹہ تک لانگ مارچ کر رہے ہیں سوراب، قلات اور منگچر میں سیاسی، سماجی اور قبائلی حلقوں کی جانب سے استقبال اور اظہار یکجہتی پر ان کا شکر گزار ہیں ان خیالات اظہار سمیع نوتانی کی قیادت میں خضدار میں حالیہ لیویز کی پوسٹوں پر تقرریوں کے خلاف احتجاجاً کوئٹہ تک لانگ مارچ کے شرکاء نے منگچر بازار میں استقبالیہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر آل پارٹیز ایکشن بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

زمیندار ایکشن کمیٹی ڈھاڈر (بولان) کا اجلاس ڈھاڈر میں منعقد ہوا

بولان (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی ڈھاڈر (بولان) کا اجلاس ڈھاڈر میں منعقد ہوا جس میں اتفاق رائے اور باہمی مشاورت کے بعد کابینہ کی تشکیل کو باقاعدہ اعلان کیا گیا جس میں سرپرست اعلیٰ حاجی محمد اعظم کھوسہ، صدر وڈیرہ ولی احمد رند، نائب صدر ارباب عمر، جنرل سیکرٹری بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اور ملک کا چھوتا ستون ہے، آغا شیر زمان

صحافیوں کے معاشرے میں اہم کردار ہے، ڈپٹی کمشنر چاغی

دالبندین (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چاغی آغا شیر زمان کا اسسٹنٹ کمشنر جاوید دہکی کے ہمراہ دالبندین پریس کلب کا دورہ نو منتخب کابینہ کو مبارکباد دی اس موقع پر صوبائی وزیر کے فوکل پرسن الیاس دہانی، دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی عبدالستار کشانی و کابینہ کے دیگر اراکین بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر چاغی آغا شیر زمان نے پریس کلب کے ہال، ٹی وی روم، صدر آفس کا معائنہ کیا بعدازاں پریس بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ و ماحولیات مٹھا خان کاکڑ ژوب کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

اوستہ محمد میں امن امان کی صورت حال ابتر کوئی محفوظ نہیں

قربان کالونی میں چوروں نے دکان کا صفایا کر دیا پولیس خاموش، شہری پریشان

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں امن امان کی صورت حال ابتر کوئی محفوظ نہیں، قربان کالونی میں چوروں نے دکان کا صفایا کر دیا پولیس خاموش، شہری پریشان، تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد میں امن امان کی صورت حال ابتر آئے روز موٹر سائیکل، چوری، ڈکیتی اور دکانوں کی چوریاں معمول بن گئے ہیں گزشتہ شب قربان کالونی میں نامعلوم چوروں نے عبدالجبار بروہی کے دکان کے تالے توڑ کر نقدی، اور سامان چوری کر گئے آئے روز شہر میں چوریاں ایک سوال نشان بن گیا پولیس خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے۔

ریل ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں پریم یونین کے زیر اہتمام لوکو ورکشاپ روہڑی میں الوداعی تقریب کا انعقاد

روہڑی (نامہ نگار) ریل ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں پریم یونین کے زیر اہتمام لوکو ورکشاپ روہڑی میں الوداعی تقریب کا انعقاد ریٹائرڈ ملازمین یونین کے مرکزی عہدیداران سمیت لوکو ورکشاپ کے ملازمین کی بڑی تعداد میں شرکت ریل کی بیکاری کا فیصلہ نامنظور تقریب میں بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

اوتھل پولیس کا قمار خانے پر چھاپہ 10 قمار باز کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

اوتھل (این این آئی) اوتھل پولیس کا قمار خانے پر چھاپہ 10 قمار باز کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اوتھل پولیس نے جامع مسجد صابرین کے عقب میں چند محلہ میں قائم ایک جوا کے اڈے پر چھاپہ مار کر 10 جواریوں کو گرفتار کر لیا جن کے قبضے ایک لاکھ روپے سے زائد رقم برآمد کر لی اور تمام جواریوں کے خلاف مقدمہ درج کر کے اس حوالے سے اے ایس پی، ایس ڈی پی او اوتھل سرکل کیپٹن (ر) صدام بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

جمعیت علمائے اسلام مخلصین کا جمعیت ہے اور جماعت میں ڈسپلن انتہائی ضروری ہے، محمد طاہر توحیدی

ایک سوچے سمجھے سازش کے تحت نوجوان نسل کو مغربی ایجنڈے کے تحت اسلامی تہذیب سے دور دھکیلا جا رہا ہے

سوشل میڈیا کے اراکین شائستگی اور دلیل کے ساتھ اسلامی سیاست کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سوشل میڈیا کے متحرک اراکین کا اہم اجلاس، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹریٹ انگلش روڈ میں زیر صدارت جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی ترجمان حافظ عبدالغنی شہزاد منعقد ہوا جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جسکی سعادت مولانا محمد طاہر توحیدی نے حاصل کی اجلاس سوشل میڈیا کا ضلع کوئٹہ کے سیٹ اپ کو مزید متحرک اور مستحکم کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے کئے گئے 21 دسمبر کو کوئٹہ میں جمعیت اور اپوزیشن جماعتوں کے ہونے والے بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

فلسطینی اتھارٹی کو قومی مفاہمت اور اسرائیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا

اسرائیل سے سیکیورٹی تعاون جاری رہتے ہوئے مصالحت ممکن نہیں، حماس رہنما، الزھار کا بیان

غزہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے پارلیمانی لیڈر اور سابق فلسطینی وزیر خارجہ محمود الزھار نے کہا ہے کہ فلسطینی قوتوں کے درمیان اتحاد اور یکجہتی حماس کا فیصلہ ہے مگر یہ اسرائیل کے ساتھ فلسطینی اتھارٹی کے سیکیورٹی تعاون کے جاری رہتے ہوئے آگے نہیں بڑھ بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

سولہ دسمبر پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے، محمد طاہر ابیک

لورالائی (این این آئی) سانحہ آرمی پبلک سکول کے شہداء کی چھٹی برسی کی مناسبت سے اسلامی جمعیت طلباء لورالائی کا شمع بردار ریلی، شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اسلامی جمعیت بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

پاکستان خطے کیلئے تجارتی رابطہ کاری کیلئے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے، چیئرمین سینیٹ

سی پیک کی مدد سے صنعت، زراعت اور ترقی کی بدولت روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے

سی پیک کی بدولت خطے میں اقتصادی و معاشی سرگرمیوں میں تیزی لانے میں مدد ملے گی، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ سی پیک کی بدولت خطے میں اقتصادی و معاشی سرگرمیوں میں تیزی لانے میں مدد ملے گی، گوادر توانائی، تجارتی اور نقل و حمل کیلئے ایک بہت بڑے مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے، سی پیک کی مدد سے صنعت، زراعت اور ترقی کی بدولت روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے، پائیدار ترقی اور معاشی خوشحالی کا نیا دور دیکھنے کو ملے گا۔ بدھ کو چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی اور چینی عوام بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

لورالائی اسسٹنٹ کمشنر بوری عطاء عظیم زیر تعمیر لیویز لائن کا دورہ کر رہے ہیں

بلوچستان کے تمام قبائل ایک تسبیح کے دانوں کی مانند ہے جو میرے انتہائی مقدس اور محترم ہیں، رب نواز کرد

قبائلی تنازعات ہماری معاشی سماجی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں، چیف آف بولان

مچھ (آن لائن) چیف آف بولان سردار رب نواز کرد نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام قبائل ایک تسبیح کے دانوں کی مانند ہے جو میرے انتہائی مقدس اور محترم ہیں قبائلی تنازعات ہماری معاشی سماجی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں تنازعات کے حل اور بھائی چارگی کی فضا کو قائم رکھنے کیلئے تمام تر کوششیں بروئے کار لائی جا رہی ہے کرد قبائل مختلف ادوار میں ایک دوسرے کو نظر انداز کرنے کی وجہ سے باہمی تنازعات کا شکار ہیں۔

کورونا وائرس کی دوسری لہر کے تدارک کیلئے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، بگی اخونزادہ

ڈویژن بھر میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی تعداد 1159 ہے، ڈاکٹر ماجد سلیم

پشاور (این این آئی) کمشنر ژوب ڈویژن بگی اخونزادہ نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی دوسری لہر کے تدارک کیلئے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژن بھر میں کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال اور تدارک کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ژوب عارف اللہ ٹیکنیکل سپورٹ بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

امریکہ میں 20 منٹ میں نتائج دینے والے کرونا ٹیسٹ کی منظوری

ڈاکٹر کے نسخے کے بغیر یا کسی لیب سے ٹیسٹ کرانے کے بجائے گھر بیٹھے ٹیسٹ کیا جا سکے گا، ایف ڈی اے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں 20 منٹ کے اندر نتائج دینے والے اور دوبارہ ڈاکٹر کرونا ٹیسٹ کی منظوری دے دی گئی ہے اور اس ٹیسٹ کے لیے ڈاکٹری تجویز یا کسی لیب کی ضرورت نہیں ہے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) نے فوری نتائج والے اس ٹیسٹ کی منظوری سے متعلق اعلان گزشتہ روز کیا۔ ایف ڈی اے کمشنر اسٹیفن ایم ہان نے ایک بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

آرمی پبلک سکول کے معصوم شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، یاسمین راشد

شہید بچے اور اساتذہ پوری قوم کیلئے شجاعت کی زندہ مثال ہیں، صوبائی وزیر صحت کا پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک سکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرنے کا دن ہے قوم آرمی پبلک سکول کے بچوں اور اساتذہ کی قربانیوں کو ہمیشہ خراج تحسین پیش کرے گی آرمی پبلک سکول کے بچوں نے اپنے خون سے اس خطہ میں علم کی سربلندی کیلئے نئی تاریخ رقم کی۔ آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کی بقیہ نمبر70 صفحہ3 پر

لاہور جلسے میں میرے بیان سے پی ڈی ایم کو کوئی نقصان نہیں پہنچا، محمود خان اچکزئی

پاکستان جمہوری تحریک کی جدوجہد آئین کی بالادستی کیلئے ہے اگر آئین بالادست ہوگا ملک میں شفاف انتخابات ہونگے

نوازشریف کا آئین کی بالادستی کے جدوجہد میں پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی ساتھ ہیں، سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ لاہور جلسے میں میرے بیان سے پی ڈی ایم کو کوئی نقصان نہیں پہنچا بعض لوگ سیاسی مقاصد کیلئے اس بیان کو ہوا دینا چاہتے ہیں، پاکستان جمہوری تحریک کی جدوجہد آئین کی بالادستی کیلئے ہے اگر آئین بالادست ہوگا تو ملک میں شفاف انتخابات جس میں کسی ادارے کا کوئی کردار نہ ہو پارلیمنٹ منتخب کرے بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے بورڈ کا اجلاس 21 دسمبر کو ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے بورڈ کا اجلاس صوبائی وزیر سماجی بہبود میر اسد اللہ بلوچ کی صدارت میں 21 دسمبر کو منعقد ہو رہا ہے جس میں متعلقہ امراض میں مبتلا مریضوں کے کیسز کو مفت علاج کے لیے قانونی کارروائی کے مندرجات کو خوش خاطر رکھتے منظوری بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

کوئٹہ میں مہنگائی کی لہر برقرار، انڈوں کی قیمتوں میں مزید 2 روپے اضافہ ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں مہنگائی کی لہر برقرار، انڈوں کی قیمتوں میں مزید 2 روپے اضافہ ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں مہنگائی کی لہر برقرار ہے کوئٹہ میں انڈوں بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

ژوب ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر نصیب اللہ شہر میں دودھ میں ملاوٹ کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں